سہ ماہی کثیر لسانی رسالہ

# وراثت

جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز

وراثت

جلد:3
شمارہ:3

Volume:3....No:3

VIRASAT

Designed by:Gurmeet Singh

# VIRASAT

Quarterly Journal of Ethnic Literature

Volume:3....No:3

**Editorial Staff**
Mufti Shafiq-ur-Rahman
Dr. Abid Ahmad Bhat
Dr. Syed Iftikhar Ahmad
Dr. Shabnum Rafiq
Asmat Aziz

J & K ACADEMY OF ART CULTURE & LANGUAGES

Jammu & Kashmir Academy of Art , Culture & Languages,
Srinagar

سہ ماہی کثیر لسانی رسالہ

# وراثت

جلد:3............شمارہ:3

( جولائی تا ستمبر 2024ء)

## نگران

ہرویندر کور

## مجلسِ ادارت

مفتی شفیق الرحمٰن ...... اُردو

ڈاکٹر عابد احمد ...... انگریزی

ڈاکٹر سید افتخار احمد ...... کشمیری

ڈاکٹر شبنم رفیق ...... کشمیری

عصمت عزیز ...... اردو

ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر، کشمیر

جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز سرینگر

ناشر: سیکریٹری، جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز

کمپیوٹر کمپوزنگ : گورمیت سنگھ

سرورق : گورمیت سنگھ

تعداد : 300

مطبع : گورنمنٹ پریس سرینگر

قیمت :

''وراثت'' میں شائع ہونے والے مضامین میں ظاہر کی گئی آراء سے اکیڈیمی کا کُلیاً یا جُزیاً متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔

خط و کتابت کا پتہ

مفتی شفیق الرحمٰن خان
انچارج آفیسر ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر۔
جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز لال منڈی سرینگر
موبائیل نمبر:9906842887
email: syediftikharacademy@gmail.com

## (حصۂ اُردو)

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | مصنف/ترجمہ کار | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 | پہاڑی زبان کا لسانہ تجزیہ | شبیر احمد خان شمسؔ | 8 |
| 2 | مشتاق فریدی......ایک پُر گداز نعت گو | بشیر بھدرواہیؔ | 29 |
| 3 | تاریخ کشمیر......(قسط:۹) ملک حیدر چاڈورہ | اردو: مفتی شفیق الرحمٰن | 55 |
| 4 | سلطان العارفین ......حیات اور کارنامے | محمد عبداللہ بٹ | 71 |


☆

# پیشِ لفظ

جموں وکشمیر اکیڈیمی آف آرٹ کلچر اینڈ لینگویجز گزشتہ چھ دہائیوں سے ادب، فن، ثقافت ولسانیات کے مختلف گوشوں کی ترقی وترویج کیلئے انتھک کام کررہی ہے۔ جہاں ابتداء میں اکیڈیمی نے ثقافت اور لسانیات کو بالخصوص ترجیح دی وہیں اس ادارے نے فن کی صنف کو بھی جلا بخشی۔

حالانکہ اکیڈیمی نے گذشتہ چھ دہائیوں کے دوران فن، ثقافت ولسانیات کے میدان میں قابلِ ستائش خدمات انجام دیں تاہم اس ادارے نے گذشتہ دو تین برسوں کے دوران جونئی پہل کی ہے وہ قابلِ ستائش ہے۔ چنانچہ اب اکیڈیمی نے بھدرواہ علاقے میں رائج بولیوں نیز شینا اور بلتی زبانوں کی ترقی وترویج کیلئے ان زبانوں اور بولیوں میں بھی رسالے شائع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ غورطلب ہے کہ اکیڈیمی نے اب ملک کی دیگر اکاڈمیوں کی طرح ایک سوسائٹی کی شکل اختیار کی ہے جس کی رو سے اس کے دائرۂ اختیار میں بھی وسعت آ گئی ہے۔

واضح رہے کہ 2021ء میں اکیڈیمی کی سنٹرل کمیٹی نے جموں وکشمیر کے دونوں صوبوں میں ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر کے قیام کو منظوری دی جس کے نتیجے میں اکیڈیمی کے جموں اور سرینگر میں موجود دفاتر میں ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹرس کا قیام عمل میں آیا۔ جہاں جموں صوبے میں یہ شعبہ اس صوبے کی ثقافت ولسانیات میں ہوئے کام پر اپنی توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے وہیں کشمیر میں موجود یہ شعبہ وادیٔ کشمیر کی تہذیب، ثقافت ولسانیات کو اپنی تحقیق کا محور بنا رہا ہے۔

ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر، کشمیر ''وراثت'' نام سے ایک سہ ماہی جریدہ شائع کر رہا ہے جس میں وادیٔ کشمیر کے فن۔ ثقافت و لسانیات سے منسلک موضوعات پر تحقیقی و ترجمہ کردہ تفصیلی مضامین شائع ہو رہے ہیں۔ جریدے کا موجودہ شمارہ اس سلسلے کی عکاسی کرتا ہے۔

وراثت جریدے میں اردو، کشمیری اور انگریزی زبانوں میں مضامین شائع ہو رہے ہیں جن کے ذریعے ان زبانوں میں عوام کو بالخصوص وادیٔ کشمیر اور بالعموم جموں و کشمیر کی تہذیب، ثقافت و لسانیات سے منسلک مختلف پہلوؤں سے روشناس کرایا جا رہا ہے۔

اکیڈیمی پُر امید ہے کہ جموں و کشمیر کے ادیب، قلمکار، محقق اور طالبِ علم و ادب ''وراثت'' جریدے کو نہ صرف پسند کریں گے بلکہ اس میں بہتری لانے کے لئے اکیڈیمی کو اپنی آراء سے بھی نوازیں گے۔

بطورِ سیکریٹری اکیڈیمی میں جموں و کشمیر کے قلمکاروں، محققوں اور ترجمہ کاروں سے استدعا کرتی ہوں کہ وہ جموں و کشمیر کے ثقافتی ورثے کو جلا بخشنے کے لئے اکیڈیمی کو اپنا تعاون دیں تا کہ مل کے ہم اس خوبصورت سرزمین کی منفرد ثقافت کو مُلکی و غیر ملکی سطح پر عروج کے نئے مقامات تک پہنچا سکیں۔

ہروبندر کور (جے کے اے ایس)

سیکریٹری

# اداریہ

ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر، کلچرل اکیڈیمی کشمیر کے اشاعتی کام کو ترقی اور فروغ دینے میں اپنا نمایاں رول ادا کر رہا ہے۔ اس سینٹر کے ذریعے شائع ہونے والے جریدے وراثت کی یہ خصوصیت ہے کہ یہ تحقیق اور ترجمہ کاری کو ایک ساتھ جلا بخش رہا ہے۔ پیشِ خدمت شمارہ اس دعوے کی تصدیق کرتا ہے۔

وراثت کے موجودہ شمارے کے اردو حصے میں تاریخِ کشمیر کے ترجمے کا سلسلہ لگاتار جاری ہے اور اس شمارے میں کی آٹھویں قسط شائع ہو رہی ہے۔ یاد رہے کہ اس کی اصل زبان فارسی ہے اور اس کے اردو ترجمے کے ذریعے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو اس تاریخی کتاب سے مستفید ہونے کا موقع میسر ہوگا نیز اس تاریخی ماخذ تک ان کی رسائی آسان ہوگی۔ زیرِ نظر شمارے کے اردو حصے میں اس کے علاوہ اور بھی کئی نہایت ہی کارآمد مضامین شامل کئے گئے ہیں جن میں سے بالخصوص حضرت سلطان العارفینؒ کی حیات اور کارنامے کے عنوان سے سلسلہ وار قسط بھی شامل ہیں۔

سہ ماہی ''وراثت'' کے کشمیری حصے کا سلسلہ بھی نہایت شد و مد سے جاری ہے۔ اور اس حصے میں بھی نہایت ہی قیمتی مواد پر مشتمل مضامین مسلسل شائع کئے جا رہے ہیں۔ پیشِ خدمت شمارے میں مشہورِ معرکتہ الآرا ناول ''دیوداس'' کے

مکمل کشمیری ترجمہ کا قسط وار آغاز کیا گیا ہے۔ جو یقیناً ہمارے قارئین کے لئے دلچسپی کا باعث ہوگا بلکہ اس سے کشمیری زبان وادب کے خزانے میں ایک قابلِ ستائش اضافہ بھی ہوگا۔

اس جریدے کا انگریزی حصہ خطۂ کشمیر کے ادب وفن اور ثقافتی ورثہ کو انگریزی زبان کے ذریعے دور دور تک متعارف کرانے میں قابلِ قدر خدمت انجام دے رہا ہے۔

ہمیں اُمید ہے کہ وراثت کا موجودہ شمارہ بھی اپنے منتظر قارئین کی ادبی پیاس کو بجھانے میں کامیاب ہوگا۔ مزید برآں ہم یہ توقع بھی رکھیں گے کہ آپ اس جریدے کے لئے اپنے ترجمہ کردہ اور تحقیقی مضامین بھی بھیجیں گے۔ نیز جریدے کو بہتر سے بہتر بنانے کے لئے ہمیں اپنی قیمتی آراء ومشوروں سے بھی نوازتے رہیں گے۔

مفتی شفیق الرحمٰن
انچارج ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر

☆

شبیر احمد خان شمسؔ

# پہاڑی زبان کا لسانہ تجزیہ

زبان کسے کہتے ہیں بولنے بات کرنے، اپنے احساسات، جذبات اور خیالات کو دوسروں تک پہچانے کے صوتی اور لفظی وسیلے کو زبان کہتے ہیں۔ جو اس کی قوتِ گویائی اور ترسیلی جبلّت کو حقیقی شکل دیتی ہے۔ یہی اس کی قوتِ گویائی ہے جس کی وجہ سے انسان کو ''حیوانِ ناطق'' کہا جاتا ہے۔

زبان کی دو صورتیں ہوتی ہیں ایک اس کی ظاہری صورت، دوسری اس کی معنوی صورت۔ اگر آواز اپنی معنوی حیثیت کو الفاظ کے ذریعے پوری طرح ادا نہ کر سکتی ہو تو زبان کا اصل مقصد یعنی ترسیل اور ابلاغ کا عمل پورا نہیں ہو سکتا ہے۔ الفاظ اور معنی کے بیچ تال میل اور مناسب ربط اور تعلق سے ہی زبان کا دائرہ وسیع ہوتا ہے۔

زبان ایک زندہ حقیقت ہے جس میں تبدیلیاں آتی رہتی ہیں۔ ان ہی تبدیلیوں کے دوران بولیاں زبان میں بدل جاتی ہیں۔ یا پھر زمانے کے بدلاؤ سے زبان، بولیوں کا روپ اختیار کر لیتی ہے۔ زبان اور بولی کے فرق کو آسانی سے یوں سمجھ سکتے ہیں۔ زبان کے استعمال کا دائرہ وسیع ہوتا ہے اور بولیوں کا محدود۔ زبان زندگی

کے مختلف شعبوں میں تحریری اور تقریری شکل میں کام آتی ہے۔

زبان سے دیگر علوم کے علاوہ ادبی تخلیق کا کام لیا جاتا ہے۔ جب کہ بولی میں یہ صلاحیت کم ہی ہوتی ہے پھر بھی یہ ایک مسلّم حقیقت ہے کہ زبانوں کی تشکیل میں بولیوں کی بڑی اہمیت ہوتی ہے۔

زماں و مکان کے اعتبار سے زبانیں ایک دوسرے سے مختلف ہوتی ہیں۔ ان میں کبھی تو اشتراک ہوتا ہے اور کبھی اختلاف اور کسی وقت یکسانیت۔ جس کی وجہ سے زبانوں کے مختلف خاندان ہوگئے ہیں یا ان کو مختلف خاندانوں میں بانٹا گیا ہے کچھ بنیادی اور امتیازی خصوصیات کی بنا پر زبانوں کے ہند یورپی خاندان کی بڑی اہمیت ہے۔ ہندوستان میں ہند یورپی خاندان کا سلسلہ بڑا دراز ہے۔ یہ خاندان اپنے ارتقائی دور میں ہند ایران سے گزر کر ہند آریائی صورت اختیار کر لیتا ہے۔

ہند آریائی کا ارتقا مختلف ادوار میں ہوا ہے۔

۱......قدیم ہند آریائی

۲......وسطی ہند آریائی

۳......جدید ہند آریائی

مذکورہ خاندانوں کے بارے میں بات کرنے سے پہلے زبان کے بارے میں چند باتیں عرض کرتے ہیں۔ جیسا کہ ماقبل میں مذکور ہوا کہ ’’انسان حیوانِ ناطق‘‘ ہے یعنی وہ بول سکتا ہے۔ اپنے خیالات، جذبات، احساسات کو دوسروں تک پہنچا سکتا ہے۔ زبان کی تخلیق انسان کو قدرت کی طرف سے بخشی گئی سب سے بڑی نعمت ہے۔ زبان

انسانی ذہن کی تخلیقی صلاحیت کا سب سے بڑا انمول نمونہ ہے۔قدیم زمانے میں لوگوں نے زبان سے قبل اپنی ضروریات زندگی کو پورا کرنے کے لئے اوزار،ہتھیار اور آلات بنائے ہوں گے۔ پر حقیقت یہ ہے کہ جو آلہ اس نے اپنی زندگی کو سماجی ، معاشرتی اور تمدّنی طور پر ترقّی پذیر بنانے کے لئے تیار کیا وہ زبان ہے۔علم اللّسان میں نہ تو محض خیالات کو دوسروں تک پہنچانے کو زبان کہتے ہیں نہ آوازوں کے مجموعے کو۔

معروف ماہرِ لسانیات ڈاکٹر غلام محی الدین قادری زورؔ نے اپنے مضمون ''زبان کی ماہیت'' آغاز اور تشکیل میں لکھا ہے کہ:

''زبان خیالات کا ذریعۂ اظہار ہے۔اس کا کام یہ ہے کہ الفاظ اور فقروں کے توسّط سے انسانوں کے ذہنی مفہوم و دلائل اور ان کے عام خیالات کی ترجمانی کرے ''۔

''زبان آوازوں اور الفاظ کا مجموعہ ہے''۔

یعنی زبان یا الفاظ خیالات یا اشیاء کی صوتی علامتیں ہیں اور اس کا مقصد دوسروں تک اپنے خیالات پہنچانا ہے۔بے معنٰی آوازوں کے مجموعے کو زبان نہیں کہہ سکتے۔زبان انسانی آوازوں کی اس ترقی یافتہ حالت کا پتہ دیتی ہے جب اس نے محض اشاروں، کنایوں سے آگے بڑھ کر ارتقاء پذیر قوتِ گویائی سے کام لینا شروع کیا۔جس میں معنی کی قید لگا کر زبان کو جانوروں کی آوازوں سے الگ کیا۔

اس طرح زبان کی دو مختلف حیثیتیں ہوگئیں۔ ایک اس کی ہیئت یعنی Form جو مختلف آوازوں کی صورت میں ہے۔ دوسری حیثیت اس کی معنوی

حیثیت ہے جس کا تعلق ذہن کے ساتھ ہے۔ اگر آواز اپنی معنوی حیثیت کو پوری طرح ظاہر نہ کرے تو اس سے زبان کا اصل مقصد یعنی ترسیل وابلاغ کا مقصد پورا نہیں ہو سکتا۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ زبان کی صورت اور معنی، ظاہر اور باطن دونوں میں یک رنگی لازمی ہے۔ زبان کی ان دو حیثیتوں کے باہمی ربط کی مضبوطی، طاقت اور رنگا رنگی کے ساتھ وہ ہر قدم پر انسانی عمل کے ساتھ جُڑ گئی ہے۔

بعض ماہرِ لسانیات کا خیال ہے کہ زبان اور بولی میں کوئی خاص فرق نہیں۔ بولی ہی ترقی کر کے زبان کے مرتبے تک پہنچ جاتی ہے۔ امریکی ماہرِ لسانیات (Whitne) کا نظریہ یہ ہے کہ زبان اور بولیوں کا تعلق ایک دائرے کی شکل میں رہتا ہے۔ زبانیں کچھ مدت کے بعد بولیوں میں تقسیم ہو جاتی ہے۔ یہی بولیاں پھر زبان کی شکل اختیار کر لیتی ہیں۔ اس طرح یہ چکر برابر چلتا رہتا ہے۔ لیب تیز Leibniz نے اٹھارویں صدی کے شروع میں ہی یہ نظریہ قائم کیا ہے کہ مختلف زبانیں الگ الگ بولیوں کی شکل میں آگے بڑھتی ہیں۔

ہندوستان میں تقریباً ۳۵۰۰ق۔م سے ہند یورپی زبانوں کا سلسلہ ملتا ہے۔ ہند یورپی زبانیں جس وقت ترقی کرتی ہوئی دو ہزار سال ق۔م۔ میں اپنی دوسری منزل پر پہنچتی ہیں تو انھیں ''ہند ایرانی'' نام دیا جاتا ہے۔ ہند یورپی زبانوں میں ادب اور زبان دونوں حیثیتوں سے ہند ایرانی کو سب سے قدیم اور اہم سمجھا جاتا ہے۔ ہند ایرانی آگے بڑھتی گئی تو اس کی تین شکلیں بن گئیں۔ اس زبان کا جو گروہ ایران میں مقیم رہا۔ اُس سے ایرانی زبانوں کا سلسلہ چل پڑا۔ کچھ لوگ کشمیر اور اس کے آس پڑوس تک

پہنچ گئے۔ یہاں ''پشاجی'' زبانوں کا سلسلہ پھیلا۔

ڈاکٹر شوکت سبزواری کا ماننا ہے کہ ''پشاجی'' زمرے کی زبانوں میں ''لہندا'' مغربی پنجاب کی زبان ہے جو راولپنڈی، سرگودھا، ملتان، بہاولپور کے علاقوں میں بولی جاتی ہے۔ یہ زبان اپنے گرائمر، صوت اور الفاظ کے سرمائے کے ناطے پنجابی سے مختلف ہے۔ مگر جب ہم راولپنڈی کی زبان سُنتے ہیں تو یہ پنجابی کے بالکل قریب محسوس ہوتی ہے اور یہ زبان پہاڑی یا پوٹھواری کہلاتی ہے۔ یہ بولی کشمیر کی قدیم بولی ہے اور ''بھرت کتھا'' نام کی کتاب اسی زبان میں لکھی گئی ہے۔

ہندوستان میں آریہ کے آنے کا زمانہ ۱۵۰۰ ق ، م مقرر کیا جاتا ہے۔ ہندوستان میں آریاؤں کا دراوڑی اور آسٹرک قوموں سے ٹکراؤ ہوا۔ دراوڑیوں سے اُن کا مقابلہ مغربی اور شمال مغربی ہندوستان میں ہوا۔ جب کہ آسٹرک زیادہ تر مشرقی اور وسطی ہندوستان کے علاقوں میں آباد تھے۔ ان قوموں کو زیر کرنے کے لئے اُنہوں نے کافی جدوجہد کی۔ راجہ شاہد شجاعت لکھتے ہیں:

> ''تازہ تحقیق کے مطابق پہاڑی زبان برصغیر کی قدیم ترین زبانوں میں ایک ہے۔ جس کی جنم بھومی قدیم گندھارا کی سرزمین ہے، جس کو خطۂ دردستان کہا جاتا ہے۔ یہ خطہ گندھارا سے شروع ہو کر جہلم تک چلا جاتا ہے۔ اس میں بے شمار بولیاں بولی جاتی تھیں ۔ جن میں نمائندہ بولی یہی ''ہندکو'' جس کو ریاست جموں وکشمیر میں ''پہاڑی'' کہا جاتا ہے۔

دراوڑی قوم کا ثبوت کرناہ علاقے میں ''دراوہ'' نام سے آج بھی زندہ ہے۔

یہ دراوڑ قوم یا بعد میں جنہیں ''درد'' کہا گیا ہے اور یہ ''دراوہ'' جس کا ذکر راج ترنگنی میں موجود ہے، آریا قوم کے آنے سے قبل دراوڑی یا دردقوم کا مسکن رہا ہے۔ مختار علی نیر اپنی کتاب ''ہندکو زبان کی تاریخ'' میں اس زبان کی ابتداء مقدس ویدوں کی تحریر میں آنے سے قبل بتا رہے ہیں اور اُدور کے سکّوں اور کتبوں سے ثابت کرتے ہیں کہ یہ زبان قدیم گندھارا کی مرکزی زبان تھی۔ اُن کا مزید کہنا ہے ''ہندکو زبان قدیم گندھارا میں اس زمانے سے موجود تھی جس وقت وید تحریر میں نہ آئے تھے اور ویدوں کو جس وقت تحریر کی صورت دی گئی تو وہ ہندکو زبان میں ہی تھے۔ اور وہی رسم الخط ہندکو کا تھا جس میں پہلی بار ''وید'' لکھے گئے۔ اگر کوئی کہے کہ وید تو سنسکرت میں ہیں تو جناب وید تو ۱۵۰۰ قبل مسیح سے لے کر ۱۲۰۰ قبل مسیح تحریر میں آئے ہیں اور سنسکرت کا وجود ۳۰۰ قبل مسیح میں ہوا۔ اچھا تو ویدوں کی زبان کا سنسکرت سے کیا واسطہ۔

ہم تو ۱۵۰۰ ق،م سے لے کر ۳۱۰ ق،م کی درمیانی مُدت کی بات کررہے ہیں۔ اس وقت یہاں کون سی زبان رائج تھی۔ لہٰذا وہی پہلی نثر ہے۔

مختار علی نیّر کے اس خیال سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ آریہ قوم سے پہلے ان علاقوں میں پہاڑی زبان بولی جاتی تھی اور اس زبان نے اتنی ترقی کی کہ اس میں ''وید'' تحریر کئے گئے۔

اس کے علاوہ ۵۰۰ ق،م سے مسیح سنہ کی ابتداء تک کا دور ہے۔ یہ دور پالی کا دور ہے۔ جس وقت مقامی بولیاں ویدک کی فطری رجحان پر لوٹ آئیں اور عوام کی زبان ایک مخلوط زبان ہوتی گئی۔ پراکرت کا پہلا روپ ہے۔ پراکرت کا پہلا ادبی

روپ پالی کا ہے۔ پالی کے سب سے قدیم نمونے بدھ اور جنیوا کی مذہبی کتابوں یا پھر اشوک (۲۵۰ ق،م) کے کُتبوں پر کُندہ کیئے ہوئے ملتے ہیں۔ اس پالی کو قدیم مگدھی بھی کہتے تھے۔ پالی میں مذہبی شاعری، کہانیاں اور قواعد اور بدھ مت کی تعلیمات اسی زبان میں دی جاتی تھیں۔

وسطی ہند آریائی کا دوسرا دور مسیح سنہ کی ابتداء سے ۵۰۰ ق م ،تک شمار کیا جاتا ہے۔ یہ دورر پراکرت کا دور ہے۔

راجہ شجاعت اپنے مضمون میں لکھتے ہیں:

''ماہرِ لسانیات'' فریڈرک ڈریو نے اپنی کتاب'' ناردرن بیر ئیر آف انڈیا'' Northern Barrior of India میں پہاڑی بولنے والوں کو ڈوگروں سے الگ بتاتے ہوئے انہیں قد آور ہٹے کٹے،شوخ جوان اور خوبصورت دِکھایا ہے، جو پیر پنچال کے پہاڑوں میں آباد ہیں اور پہاڑی زبان بولتے ہیں۔

راجہ صاحب آگے چل کے لکھتے ہیں کہ اشوک کے دورِ حکومت میں پہاڑی زبان نے کافی ترقی اور وسعت حاصل کر لی تھی ۔بُدھ دور میں پہاڑی زبان پروان چڑھی۔ مزید لکھتے ہیں ''جموں وکشمیر کلچرل اکیڈیمی کے سابقہ سیکریٹری ظفر اقبال منہاس ''فریڈرک ڈریو'' اس تحقیق سے متفق نظر آتے ہیں۔ چنانچہ'' ظفر اقبال منہاس'' اپنے مضمون'' جموں وکشمیر کے پہاڑی لوگ زبان اور ثقافت'' میں لکھتے ہیں:

''تواریخی آثار وشواہد اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ شہنشاہ اشوک کے عہد سے کئی سو برس پہلے پہاڑی زبان شاردا پیٹھ اور اس کے اردگرد کے علاقوں

میں بولی جاتی تھی۔شاردا کا یہ گاؤں بُدھ مت کی تبلیغ کا برسوں تک مرکز رہا۔ اشوک کے دور میں بُدھ مت کو کشمیر میں عروج حاصل تھا اور شاردا پیٹھ میں بُدھ مت پر کھوج اور تحقیق کا کام زوروں پر تھا۔کہا جاتا ہے کہ اس زمانے میں سنسکرت ایک دقیق زبان بن کر عام بول چال کی زبان نہیں تھی۔اس لئے بُدھ مت کو پھیلانے کے لئے ایک سادہ اور عام فہم زبان کا انتخاب کیا گیا، جس میں بعض سنسکرت کی اصطلاحوں کے علاوہ مقامی پراکرت کے آسان الفاظ شامل کئے گئے۔ باور کیا جاتا ہے کہ یہ پراکرت کوئی اور نہیں۔ان دنوں وہاں مقامی سطح پر بولی جانی والی زبان پہاڑی تھی۔جس کے لئے ایک نیا رسم الخط بھی ایجاد کیا گیا تھا۔جسے بعد میں (شاردا لپی ) کا نام دیا گیا''۔

گزشتہ سطروں میں بتایا گیا ہے کہ مخلوط زبان کو پراکرت کا پہلا روپ مانا جاتا ہے۔کیونکہ اس وقت سنسکرت دیو بانی ہوگئی تھی۔یہ بھی لکھا گیا ہے کہ پراکرت نے پالی کا روپ اختیار کرلیا۔ پالی لفظ سنسکرت کے لفظ ''پنکتی'' سے نکلا ہے۔پراکرت کی واضح پانچ اشکال نظر آتی ہیں۔

مہاراشٹری:- یہ جنوب کی پراکرت ہے، مراٹھی اسی سے نکلی ہے۔ یہ شاعری اور موسیقی کی زبان سمجھی جاتی ہے۔سنسکرت ڈراموں کے گیت اسی زبان میں لکھے جاتے تھے جس کی وجہ سے اس کو ملک گیر مقبولیت حاصل ہوئی۔اس میں حروفِ علّت کی کثرت ہے، جس کی وجہ سے اس میں ترنّم بہت آ گیا ہے۔ پراکرت میں سب سے پہلے مہاراشٹری کے قواعد مرتب ہوئے ہیں۔اس میں نظم ونثر کا قیمتی سرمایہ ہے۔

**شورسینی:**-اس کا مرکز شورسین یعنی متھرا کا علاقہ تھا۔سنسکرت کے بعد اعلیٰ طبقے میں اگر کبھی کسی پراکرت کا رواج تھا تو یہی زبان تھی، جس پر سنسکرت کی گہری چھاپ تھی۔

**مگدھی:**-یہ پورے مشرقی ہندوستان کی بولی تھی۔اس کا مرکز مگدھ یعنی جنوبی بہار تھا۔ چونکہ یہ آریہ کے مرکز سے دور تھا اس لئے اس پر غیر آریائی بولیوں کا شدید اثر پڑا۔ جب یہی آریہ اس پراکرت کو حقیر نظروں سے دیکھتے تھے۔سنسکرت ڈراموں میں نچلے طبقے کے کرداروں کے مکالمے اسی زبان میں لکھے گئے۔

**اودھ ماگدھی:**-اس کے لفظی معنی آدھی مگدھی کے ہیں۔اس کا مقام اودھ اور مشرقی اُتر پردیش تھا۔ یہ تمام پراکرتوں میں سب سے قدیم ہے۔اس میں اشوک کی تعلیمات کا بھی پرچار ہوا ہے۔مغربی ہندوستان کے باشندے اسے ''پراچیہ'' کہتے تھے۔پراچیہ کے تحت مگدھی اور اودھ مگدھی دونوں آجاتی ہیں۔

**پیشاچی:**-سنسکرت میں پیشاچی ''جن'' کو کہتے ہیں۔ پیشاچی کے معنی'' کچا گوشت کھانے والے'' کے بھی بتائے گئے ہیں۔ یہ سنسکرت کی ہم عصر بولی ہے۔ یہ زبان بول چال میں زیادہ استعمال کی جاتی ہے۔جس کی وجہ سے اس میں کئی بولیوں کی ملاوٹ عمل میں آئی۔اس کا تیسرا دور ۵۰۰ سے ۱۰۰۰ عیسوی پر محیط ہے۔ یہ دور اپ بھرنش کا دور ہے۔اس دور میں شورسینی اَپ بھرنش میں یہ بولیاں آتی ہیں۔کھڑی بولی، راجستھانی بولی، پنجابی، پہاڑی، گجراتی، پھر اس کے بعد ۱۰۰۰ء سے قطعی طور پر مسلمانوں کی ہندستان میں آمد سے ایک نیا تمدّن اور ایک نئی زبان کی آمد ہوئی۔اُنہوں نے سنسکرت کے طلسم کو توڑ کر جلدی ہی ہندوستان کی نئی زبان کو اپنے دم پر کھڑا کیا۔ڈاکٹر سینتی کمار

چیٹر جی نے اپنی کتاب ''رنڈواریرین اینڈ ہندی'' میں لکھا ہے:

اگر مسلمانوں نے ہندوستان میں فتوحات حاصل نہ کی ہوتیں تب بھی جدید ہند آریائی زبانیں پیدا ہوتیں لیکن انہیں سنجیدہ ادبی حیثیت حاصل ہوگئی اس میں ضرور دیر ہوتی ۔ پروفیسر مسعود حسین خان کے الفاظ میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ مسلمانوں کی ہندوستان میں آمد سے ایک نیا تمدّن اور ایک نئی زبان وجود میں آئی ۔اُنہوں نے سنسکرت کے طلسم کو توڑ کر جلدی ہی ہندوستان کی نئی زبان کو اپنے دم پر کھڑا کیا۔ڈاکٹر سینتی کمار چیٹر جی کی تقسیم کچھ اس طرح ہے۔

سندھی:- یہ صوبہ سندھ کی زبان ہے۔اس کے بولنے والے مسلمانوں کی تعداد بہت ہے۔سندھی میں عربی اور فارسی الفاظ کی کثرت سے شمولیت ہوتی ہے۔

لہندا:- یہ مغربی پنجاب کی زبان ہے۔یہ اپنے قواعد اور فرہنگ دونوں اعتبار سے مشرقی پنجاب سے مختلف ہے۔اس کا اپنا رسم الخط ہے جس کو ''لُنڈا'' کہتے ہیں پر یہ اب عموماً فارسی رسم الخط میں لکھی جاتی ہے۔

ڈاکٹر سینتی کمار چٹر جی کے ساتھ ڈاکٹر زورؔ بھی ہندوستان کی شمال مغربی زبانوں پر بحث کرتے ہوئے جس زبان کو مغربی پنجابی یا لہندا زبان کہتے ہیں۔

میاں کریم اللہ قریشی اپنے ایک مضمون ''پہاڑی زبان نہ اسدا رسم الخط ...... تاریخی جائزہ'' میں لکھتے ہیں کہ دراصل وہ پہاڑی زبان ہے۔ڈاکٹر موصوف کے اس بیان سے حقیقت بالکل ظاہر ہو جاتی ہے۔وہ فرماتے ہیں کہ ''مغربی پنجابی یا لہندا زبان کئی اور ناموں سے جانی جاتی ہے۔مثلاً ہندکو، جٹکی، ملتانی، پوٹھواری وغیرہ۔ڈاکٹر زورؔ

کے اس بیان کے مطابق ہندکو یعنی پہاڑی زبان کی وُسعت اور اس کے زیر اثر علاقوں کا اچھی طرح اندازہ ہوسکتا ہے۔اور اس بات کا پتہ لگتا ہے کہ یہ زبان یعنی (ہندوستانی) پہاڑوں کی زبان مشرق سے مغرب اور شمال سے جنوب تک تمام پہاڑی علاقوں میں بولی جانے والی قدیم زبان ہے''۔

چٹر جی کے اوپر کے اقتباس سے ''لہندا'' اصل میں پہاڑی زبان ہے۔ پنجابی، گجراتی، راجستھانی، مغربی ہندی، مشرقی ہندی۔

مشہور ماہرِ لسانیات سر جارج گریرسن اور ڈاکٹر محی الدین قادری زورؔ دونوں کے مطابق پہاڑی زبان کھاشہ (گھکھڑ شمسؔ) قبائل کی زبان ہے۔ جارج گریرسن صاحب پہاڑی زبان کو ہند ایرانی خاندان کی ہند آریائی شاخ کے بجائے اس کی پشاچہ شاخ کی اولاد کہتے ہیں۔اُن کے مطابق پہاڑی زبان بولنے والے یہ کھاشہ قبیلے ہمالیہ کے مغربی علاقوں سے ہجرت کر کے مشرقی علاقوں میں جا بسے۔

ڈاکٹر زورؔ لکھتے ہیں کہ جنوب مغربی گروہ کی زبانوں میں راجستھانی بولیوں کے علاوہ پہاڑی گروہ کی بولیاں بھی شامل ہیں جو اُنھیں کھاشہ قبائل میں رائج ہیں، جو ہمالیہ کی پہاڑیوں میں مشرق سے مغرب تک پھیلے ہوئے ہیں۔

کھش قبیلہ جو قدیم دور میں کشمیر میں آباد تھا جس کو بعد میں گھکھڑ کا نام دیا گیا ،اُنہوں نے مشرق سے مغرب تک علاقے بسائے تھے اور وہ ایک زبردست قبیلہ تھا۔

زبانوں کے سائنسی مطالعے اور تجربے کا نام لسانیات ہے۔لسانیات یا علم زبان کو بالعموم لسانی علوم (Linguistic sciences) کہا جاتا ہے۔اس کی

وجہ یہ ہے کہ لسانیات دو علموں کا مجموعہ ہے۔

(۱)لسانیات

(۲)صوتیات

صوتیات لسانیات کے مطالعے میں بُنیادی اہمیت رکھتی ہے اور لسانیات زبان کے مختلف پہلو سمجھنے میں ’’نیں کا پتھر‘‘ ثابت ہوتی ہے۔

لسانیات کی شاخیں:

صوتیات :- توضیحی لسانیات ، بولیاں، سماجی لسانیات، نفسیاتی لسانیات، تاریخی لسانیات،اسلوب۔

صوتیات :-صوتیات انسان کے نطق کے اعضاء سے ادا ہونے والی آواز کو کہا جاتا ہے۔

توضیحی لسانیات : توضیحی لسانیات زبان کی ہیئت سے بحث کرتی ہے۔ دنیا کے ماہرِ لسانیات کو زیادہ تر توضیحی لسانیات سے ہی واسطہ پڑتا ہے۔جس کو تجزیاتی لسانیات بھی کہتے ہیں۔توضیحی یا تجزیاتی لسانیات میں صرف ونحو کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔صرف میں الفاظ اور صیغوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے اور ان کی ساخت کو دیکھا جاتا ہے۔ ایک ہی مادے میں سابقے اور لاحقے لگا کر الفاظ کیسے بنائے جائیں۔نحو میں جملوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ بولی کے متعلق گزشتہ اوراق میں لکھ آئے ہیں۔ البتہ اتنا ضرور ہے کہ پہاڑی زبان ایک بڑی زبان ہونے کے باوجود علاقائی بولیوں کے تلفّظ ولہجہ،محاورہ وغیرہ شامل ہونے کی وجہ سے مختلف نظر آتی ہے۔

**سماجی لسانیات:**-زبان سماجی سطح پر بدلتی رہتی ہے۔کسی بھی زبان کا سماجی سطح پر مطالعہ سماجی لسانیات کا موضوع ہے۔ پہاڑی میں جیسے چھوٹے بڑے کے لئے الگ الگ الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں۔جیسے توں،تس،تُسیں،آ،آؤ،بہہ،بہو،عموماً ادب و احترام کے لئے پہاڑی میں واحد کی جگہ جمع کے لفظ کے ساتھ ''جی'' کا اضافہ کرتے ہیں۔

**ذولسانیات:**-سماجی لسانیات کا ایک پہلو ذولسانیات ہے۔جب ایک شخص ایک سے زیادہ زبانوں سے واقف ہو تو اس کو ہم ذولسانیات کہتے ہیں۔پہاڑی زبان کے علاقے پھیلے ہوئے ہیں۔قدرتی طور پر ان علاقوں میں پہاڑی زبان بولنے والے دوسری زبانیں بھی جانتے ہیں اور بول سکتے ہیں اور دوسرا بڑا مسئلہ یہ ہے کہ پہاڑی زبان میں کئی دوسری زبانوں کے الفاظ غیر شعوری طور پر بولے جاتے ہیں۔اس لئے ذولسانیات میں اُنھیں باتوں کو پرکھا جاتا ہے۔

**نفسیاتی لسانیات:** کسی بھی زبان کا مطالعہ تاریخی پس منظر میں کیا جائے۔مختلف زمانوں کی تبدیلیوں کو بیان کیا جائے تو اسے تاریخی لسانیات کہتے ہیں۔

**اسلوبیات:**-اس میں دیکھا جاتا ہے کہ عبارت کو جذباتی،تأثراتی،تخیّلاتی اور شاعرانہ انداز میں پیش کرنے کے لئے کون کون سے طریقے اپنائے گئے تھے۔اسلوبیات میں کسی بھی فن پارے کا صوتیاتی،لفظیاتی،صرف اور نحوی تجزیہ کر کے فن پارے میں استعمال کی گئی تکنیک اور صاحبِ قلم کی نفسیاتی کیفیات کا جائزہ لیا جاتا ہے۔

صوتیات انسانی اعضائے نطق سے پیدا ہونے والی آوازوں کا علم ہے۔

آوازوں کی مختلف اقسام ہیں۔علم الاصوات انہی اقسام کے مطالعے کا نام ہے۔اس میں مخارج وغیرہ سے بحث ہوتی ہے۔''صوتیات ان تمام آوازوں کے مطالعے کا نام ہے''۔جو دنیا کی زبانوں میں برتے جاتے ہیں۔اُن کی تعداد زیادہ ہوتی ہے۔ان آوازوں کا مطالعہ ''صوتیات''(Phonatic jeneral) کہا جاتا ہے۔ یہ آوازیں تمام زبانوں میں برتی جاتی ہیں۔جیسے انگریزی،فرانسیسی،جرمن،روسی،عربی کی آوازیں،چند آوازیں ایک سی ہوتی ہیں پر کچھ مختلف ہوتی ہیں۔یہی مختلف آوازیں ایک زبان کو دوسری زبان سے ممتاز اور الگ کرتی ہیں۔ جب یہی ایک زبان کے صوتیاتPhoneticsالگ الگ ہوتے ہیں تو کبھی ان کی مشترکہ آوازیں ہوتی ہیں۔

علم الاصوات کی یوں بہت سی اقسام ہیں پر یہ دو بڑی قسمیں ہیں۔

ا......مصوّتے(Vowels)

۲......مصمتے () Constants

مصوتے اندر سے آنے والی وہ آواز ہے جو پھیپھڑوں سے نکلنے والے سانس(Stlean Air)مُنہ میں کہیں اٹکے بغیر خارج ہو۔مصوّتوں کی ادائیگی میں ذہن تھوڑا بہت کُھلا رہتا ہے۔لیکن یہ سانس یا آواز کسی جگہ اٹکتی نہیں۔

کریم اللہ قریشی نے ان کی تعداد(۱۹) بتائی ہے

مصوّتے(Vowels)

ا......َ:اَت،گَت،مَت

۲...... ِ :اچھام، جان، راس

۳...... ِ :اِٹ، مِٹ، گِن ۔

۴...... ِ ی:مِیٹر، مِیچ، لِیر ۔

۵...... ُ :اُن، بُن، چُن

۶...... ُو :لُوس، پُول، مُول ۔

۷...... ِ ے: تیل، میل، چیل ۔

۸...... َ و: بول، تول، رول

۹......اَے: تھیلہ، میلا، بہلا

۱۰......اَو: لو، تہو، رو ۔

۱۱......خفیف اِے: سِہم، وِہم، رِحم

۱۲......خفیف اَے: چہَل، پہَل ۔

۱۳......خفیف اَو: چُہل، پُہل، کہُن ۔

۱۴......خفیف اُو: بُحران، گُہنا، گُہواں ۔

۱۵......آں: گدرِیاں، آن، آنس ۔

۱۶......ایں: کردیں، فِردیں، چڑدیں ۔

۱۷......اِیں: چیں، چیں، پیں پیں ۔

۱۸......اُوں: رون، تہون ۔

۱۹......اوں: چُوں، چِوں، شُوں شُوں ۔

مصمّتے ،صوتیات ( Phonetics) میں ان آوازوں کو کہتے ہیں جن کی ادائیگی میں پھیپھڑوں سے نکلنے والا سانس مُنہ میں حلق سے لے کر دانتوں تک یا ہونٹوں سے کہیں نہ کہیں اٹکے اور یہ رکاوٹ دور ہونے کے بعد ہی وہ آواز پیدا ہوتی ہو جیسے سانس یا آواز ہونٹوں تک آ کے اٹک جائے اور ہونٹ کُھلنے کے بعد ہی یہ آواز نکلے ،اس کو شفوی کہیں گے۔ب(b)پ(p) کی آواز پیدا ہوتی ہے۔بَ پَ کی آوازوں میں البتہ جو فرق ہے وہ اہتزاز ( Vibration) یا غیر ہتزاز( Non Vibration) کا فرق ہے۔''بُ'' کوادا کرتے وقت ہونٹوں میں تھرتھراہٹ پیدا ہوتی ہے اور''پُ'' کوادا کرتے وقوت تھرتھراہٹ نہیں ہوتی ۔اس طرح پہاڑی میں انھیں''مسموع'' (Voiced) اور'' مسموع سوا'' (Non voiced) کہتے ہیں۔

''ب'' اور''پ'' کے ساتھ ہکلائی (ھ) کی آواز مِلی ہوئی ہو تو اس کو بھی شفوی آواز کہیں گے۔کیونکہ ان میں دونوں ہونٹ بند ہو جاتے ہیں۔اس لئے ان کو دو ہونٹوی بندشیہ یا ہکلائی بندشیہ کہتے ہیں۔

مصمّتوں کی ادائیگی میں زبان تالو اور ہونٹ اہم کردار ادا کرتے ہیں۔زبان اس میں کُنجی ہوتی ہے۔''ت''اور''د'' کی آواز کی ادائیگی میں زبان کی نوک ثنایا علیا کے پاس سانس اٹکتی ہے۔''تَ،دَ'' کی آوازوں کو دندانی آواز کہا جاتا ہے۔ یہ آوازیں مسموع ہوتی ہیں پر ان آوازوں کے کوئی معنی نہیں ہوتے۔آوازیں محض آوازیں ہوتی ہیں۔جب ان آوازوں کو مخصوص زبان کے سیاق میں مطالعہ کیا جاتا ہے

اوروہ آوازیں دوسری آوازوں کے مقابلے میں اور امتیاز کے ساتھ بامعنی بن جاتی ہین تب یہ عملی صوتیات (Phonetics) کہلاتی ہیں۔ ایسی ہی بامعنی (Meaningful) آوازوں کوتحصوتیہ(Phoneme) کہتے ہیں۔

پہاڑی مصمّتے :-جس طرح یہ بات بھی مانی جاتی ہے کہ پہاڑی زبان قدیم ادب و تحریر سے محروم رہی ہے پر ایک ڈیڑھ صدی قبل شاعری میں پہاڑی کلاسیکی اورصوفیانہ کلام،تاریخِ اسلام اورتبلیغ کا ایک بڑا ذخیرہ پایا جاتا ہے۔کریم اللہ قریشی ''پہاڑی زبان وادب''مضمون میں تحریر کرتے ہیں کہ:

''پہاڑی زبان میں کلاسیکی دور کے ادب میں کسی موضوع اور نثر میں کوئی موادموجودنہیں جب کہ شاعری میں مولوی دلپذیرؔ،مولوی عبدالعزیز،مولوی عبدالستار، میاں محمد بخش، سائیں قدر بخشؔ ،حضرت عبید اللہ المعروف بابا جی لارویؒ ، بابا نظام الدین لارویؒ ، میاں ہدایت اللہ، میاں بوٹاؔ،مولوی چراغ الدینؒ اور کئی دوسرے حضرات نے معرفت کے جام چھلکائے ہیں۔

موصوف آگے چل کرایک جگہ لکھتے ہیں:

''پہاڑی زبان کی تمام آوازوں کے لئے بھی وہی علامتیں یا حروف استعمال ہوتے ہیں جن پر اُردو رسم الخط کی عمارت کھڑی ہے۔ پھر موجودہ رسم الخط میں پہاڑی کی کچھ مخصوص آوازیں مثلاً بھہ، پہہ، تھہ وغیرہ اور معکوسی نون/ ن/ کی آواز جس کو گوپی چند نارنگ نے املاء نامہ میں (نڑ) کی شکل میں لکھا ہے۔ ایسی تحریر کے لئے واضح علامتیں موجودنہیں اگر کہیں ہیں بھی تو ان کا چلن ابھی عام نہیں ہوا یا ماہرین ابھی ان

آوازوں کے لئے علامتیں متعین کرنے کا فیصلہ نہیں کر سکے“۔

قریشی صاحب مزید لکھتے ہیں کہ: ”معکوسی نون/ ن/ کی یہ آوازیں پہاڑی کے علاوہ سندھی، سرائیکی، ہندکو، گوجری، میسوری، اردو اور کئی دوسری آریائی زبانوں میں موجود ہیں“۔

یاد رہے کہ موجودہ پہاڑی رسم الخط میں معکوسی زبان میں خالی نون ہی لکھا جاتا ہے۔ مثلاً پاݨیں، کی جگہ پانی وغیرہ۔

پہاڑی زبان کے عظیم محقق ڈاکٹر نصر الدین ناصؔر اپنے ایک مضمون ”پہاڑی زبان نا لسانی تجزیہ“ میں لکھتے ہیں:

”اردو زبان کے بعض ”ہم آواز“ حروف پہاڑی میں بھی بنیادی طور پر ایک ایک شمار ہوتے ہیں۔ کیونکہ عربی اور فارسی الفاظ بھی اس وقت پہاڑی کا حصہ بن چکے ہیں۔ اس لئے ثانوی درجے پر ان کا بھی شمار ہوگا۔ ”رھ، ڑھ، لھ، مھ، نھ“۔

پہاڑی کی مستقل پانچ آوازیں ہیں اس لئے علم ہجا Orthography کے تحت پہاڑی حروف تہجی بدلیں گے۔

بنیادی حروف: ا، ب، بھ، پ، پھ، ت، تھ، ٹ، ٹھ، ج، جھ، چ، چھ، د، دھ، ڈ، ڈھ، ر، رھ، ڑ، ڑھ، س، ش، ف، ک، گ گھ، ل لھ، م مھ، ن نھ، ں، و، ہ، ی، ے۔

ثانوی حروف: ث، ح، خ، ذ، ژ، ص، ض، ط، ظ، ع، غ، ف،۔

کریم اللہ قریشی یوں لکھتے ہیں:

”پہاڑی کے بنیادی حروف تہجی کی تعداد (۴۱) بنتی ہے جب کہ ہائے دوچشم

(ھ) کے استعمال سے بننے والی آٹھ آوازیں پھ، تھ، ٹھ، چھ، دھ، ڈھ اور کھ جو اردو میں بھی استعمال ہوتی ہیں کے اضافے سے ۴۹ اور ہائے مخفی (ہر) کے استعمال سے بننے والی ۱۷ مخصوص پہاڑی آوازوں کو شامل کر کے پہاڑی حروف تہجی یا علامتوں اور صوتیات کی تعداد ۶۶ تک پہنچ جاتی ہے جو اس طرح ہیں:

''آ، ا، ب، بہہ، پ، پہہ، پھ، ت، تھ، تھہہ، ٹ، ٹھ، ٹہہ، ث، ج، جہہ، چ، چہہ، چھ، ح، خ، د، دھ، ڈ، ڈھ، ذ، ر، رہر، ڑ، ڑھ، ز، زہر، ژ، س، سہ، ش، شہہ، ص، ض، ط، ظ، ع، غ، ف، ق، ک، کہہ، کھ، گ، گہہ، ل، لیہ، م، مہہ، ن، نہہ، ں، و، ہ، ھ، ہر، ء، ی، ے''

یہ اوپر دی گئی تعداد کریم اللہ قریشی کی ہے۔

پروفیسر مسعود حسین خان جیسے ماہرِ لسانیات آوازوں کو اس طرح ترتیب دیتے ہیں، خالص، ہندی آوازیں: بھ، پھ، تھ، ٹھ، دھ، ڈھ، جھ، چھ، کھ، گھ، ٹ، ڈ، ڑ، ڑھ۔

ان میں چار آوازیں دراوڑی ہیں جو سنسکرت کے ذریعے سے آئی ہیں۔

خالص فارسی آواز......ژ

خالص عربی آواز......ق

ہندی فارسی مشترکہ آوازیں: ب، پ، ت، ج، چ، د، ر، س، ش، ک، گ، ل، م، ن، و، ہ، ی۔

ہندی عربی مشترکہ آوازیں: ب، ت، ج، د، ر، س، ش، ک، ل، م، ن، و، ہ، ی۔

فارسی عربی مشترکہ آوازیں: ب، ت، ج، ح، خ، د، ر، س، ش، ع، غ، ف، ق، ک، ل، م، ن، و، ہ، ی۔

شہباز راجوروی اپنے ایک مضمون ''پہاڑی ناا ک مصوّتہ (ء) اِملاء نا مسئلہ'' میں لکھتے ہیں کہ:

'' پھر کسی بھی زبان میں شامل ہوں، بقیہ آوازوں کے سلسلے کو مصمّتوں میں شامل کیا جاتا ہے۔ یہ آوازیں بے حرکت ہیں۔ انھیں حرکتوں کے ذریعے متحرّک بنایا جاتا ہے۔ یہ مختلف زبانوں میں مختلف تعداد کے ہوتے ہیں۔ ضروری نہیں کہ ایک زبان کے مصمّتے تمام دوسری زبان میں بھی موجود ہوں۔ اسی لئے ہم عربی کے ''خ'' کو (KH) انگریزی اور ''ز، ذ، ظ، ض، کو ہندی یا انگریزی کے ایک ''J'' سے ادا کرتے ہیں۔ مصوّتوں کی تعداد سے مصمّتے زیادہ ہوتے ہیں۔ ان کی بھی قسم بندی آگے الگ کی گئی ہے۔ یہ قسم بندی ان آوازوں کے مخارج لب، دانت، زبان، حلق، تالوں اور ناک کے ذریعے نکلنے پر قائم کی گئی ہے۔ ان کی تقسیم کچھ اس طرح ہے:

تالوں، خنکی، غشائی، شفتائی، دندانی، ہکاری وغیرہ۔

اس بات کی بھی وضاحت ضروری ہے کہ عربی فارسی کے اصوات، د، ص، ض، ط، ظ، ت، ث، پہاڑی میں استعمال ہوتے ہیں اور ان کی اردو زبان کی طرح پہاڑی میں بھی تحریری حیثیت ہے۔ اور بڑی بامعنی حیثیت ہے۔ لیکن ان کی صوتی اہمیت قریب المخارج آوازوں میں دب گئی ہے۔

اس جدول کے ذریعے ہم مصمّتوں کی ترتیب سمجھ سکتے ہیں:

| | | دولبی | دندانی | معکوسی | خنکی | غشائی | لہندی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | غیرمسموعی | پ | ت | ٹ | چ | ک | ق |
| | نفسی/ ہکاری | پھ | تھ | ٹھ | چھ | کھ | |
| | مسموع | ب | د | ڈ | ج | گ | |
| | نفسی | بھ | دھ | ڈھ | جھ | گھ | |
| نفی/ نکاری | مسموع | م | ن | | | | |
| | غیرمسموع | ف | س | | ش | خ | |
| ( لرزشی ) کپکپی | مسموع | | ر | | | | |
| پہلوی | مسموع | | ل | | | | |
| | مسموع | | | ڑ | | | |
| | مسموع نفسی ہکاری | | ر | ڑ | | | |
| نیم مصوتہ | | | | | ی | | |

ان کے علاوہ بھی ان الفاظ کو سمجھنے کی ضرورت ہوئی۔ مثلاً رَکھ، رُکھ، پہلا رَکتہ پکر سنبھال، دوسرا رُکتہ، بڑا پیڑ، حاجی، ہاجی، وغیرہ

☆☆

بشیر بھدرواہیؔ

# مشتاق فریدی......ایک پُرگداز نعت گو

پچھلی صدی میں وادئ چناب کے ادبی اُفق پر بہت سے مُقتدر اور نامور شاعروں، ادیبوں، قلمکاروں اور تواریخ نویسوں کی ایک کہکشاں نمودار ہوئی جنہوں نے اپنی اپنی استطاعت کے مطابق اس دُور دراز اور پسماندہ وادی کا نام اپنے رنگا رنگ ادبی اور دینی شہپاروں سے ریاست اور بیرونِ ریاست روشن کیا۔ان خوش قسمت قلمکاروں میں مشتاقؔ فریدی کا نام گرامی یہاں کے ادبی حلقوں میں بڑے اہتمام سے لیا جاتا رہا ہے۔پچھلے کچھ سالوں سے تو یہاں نوجوان اور نوآموز شعراء اور قلمکاروں کی ایک لمبی قطار اُبھر کر آ گئی ہے۔جن کی شاعری اور نثری تخلیقات سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ وہ ادبی دُنیا میں اپنی خداداد صلاحیتوں اور لسانی اور فنی ہنرمندی کو بروئے کار لا کر جلدی اپنا لوہا منوانے میں کامیاب ہوں گے۔

مشتاق فریدیؔ ہماری ریاست کے کہنہ مشق اور برگزیدہ قلمکار، محقّق، ناقد، صحافی اور معروف نعت گو شاعر ہیں جو تقریباً نصف صدی سے اردو، کشمیری اور سراجی ادب کی بے لوث خدمت کرتے آئے ہیں۔موصوف ڈوڈہ میں شیخ غلام قادر مرحوم کے

ہاں ۲۳ رفروری ۱۹۴۱ء کو پیدا ہوئے۔ ادیب فاضل اور میٹرک کے امتحانات پاس کرنے کے بعد محکمۂ زراعت میں کچھ عرصہ ملازمت کرنے کے بعد وہ محکمۂ تعلیم میں بحیثیتِ اُستاد تعیّنات ہوئے۔ دورانِ ملازمت ان کو کُتب بینی، خصوصاً ادبی اور دینی کتب کے مطالعہ کا بہت شوق رہا۔ جس سے ان کی شاعرانہ حس اُجاگر ہوتی رہی اور ان کی تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ ہوتا رہا۔ اتفاق سے ضلع صدر مقام ڈوڈہ میں ایک سرکاری لائبریری کے قیام کے بعد موصوف نے اس میں موجود مختلف قسم کی دینی اور ادبی کُتب و رسائل کا پورا پورا فائدہ اُٹھایا اور شاید ہی کوئی کتاب یا رسالہ ایسا ہو جس کا اُنہوں نے مطالعہ نہ کیا ہو۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں پہلے ہی ذہانت اور معاملہ فہمی کے زیور سے آراستہ کیا تھا جس کو ان کے مطالعہ کے شوق نے کچھ ایسے نکھارا کہ ان کے قلم سے نظم و نثر کے فوّارے پھوٹنا شروع ہوئے۔ موصوف ڈوڈہ شہر کے غالباً اُن دو چار قلمکاروں میں شامل کئے جاتے ہیں جنہوں نے اُردو اور کشمیری میں شعر گوئی بھی کی اور نثر نگاری بھی۔ شاعری کے علاوہ ان کے دینی، اخلاقی، سماجی اور اصلاحی مضامین ریاست اور بیرونِ ریاست کے اخبارات و رسائل میں چھپتے رہے ہیں۔ اسی دوران وہ جستہ جستہ نعت گوئی کی طرف مائل ہوتے رہے اور مذکورہ زبانوں میں ان کے حمد و مناجات اور نعوت وادیٔ چناب کے اطراف میں قبولِ عام ہوتے رہے جن کی گونج یہاں کی مساجد، دینی مجالس اور اجتماعات میں عاشقانِ رسولؐ کے دِلوں کو مسرور و محظوظ کرتی رہی۔

فریدیہ بزمِ ادب ڈوڈہ کے اشاعتی اور دیگر مشاورتی پروگراموں کے علاوہ

اسی بزم کے تحت قومی یکجہتی کے موضوع پر منعقد کئے گئے تین کُل ہند مشاعروں کے اہتمام میں ان کا ایک کلیدی رول رہا۔ وہ کئی دینی، سماجی اور فلاحی انجمنوں اور تنظیموں سے بھی منسلک رہے ہیں۔ مشتاق فریدیؔ کی کشمیری نعتوں کا پہلا مجموعہ ''سراجاً منیرا'' کے نام سے ۱۹۹۶ء میں شائع ہوا۔ جس میں نعتوں کے علاوہ موضوعی طرز کی منظومات شامل کی گئیں تھیں۔ ان کی کچھ کشمیری اور اُردو زبان میں لکھی ہوئی نعتوں کا مجموعہ ۲۰۰۸ء میں ''گلہائے عقیدت'' عنوان کے تحت منصّہ شہود پر آیا۔ اس سے کچھ عرصہ پہلے ان کی کشمیری نعتوں کا مجموعہ ''برگِ سبز'' سے موسوم چھپ چکا تھا اور ''سلسبیل'' کے نام سے دوسرا مجموعہ بھی بازار میں آیا اور ساتھ ہی ''مدینے میں'' نام کا نغموں کا گلدستہ بھی شائع ہوا جس میں اُن کی اردو اور کشمیری نعتیں شامل ہیں۔

مشتاق صاحب کو نعت تخلیق کرنے کی ایک قدرتی صلاحیت حاصل ہے جس کی بدولت ان کی اکثر نعتیں معیاری اور جاذبِ نظر دکھائی دیتی ہیں۔ اسی طرح اُن کے اُردو نثر پارے بھی دلچسپ اور فکر انگیز ہونے کے باعث قارئین کو اپنی طرف متوجّہ کرتے رہے ہیں۔ موصوف نبیِ کریم حضرت محمدؐ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے کمال وجلال، صورت وسیرت کے عاشقِ صادق ہیں۔ ان کی نعتوں کی تاثیر اور نغمگی ہر لحاظ سے قابلِ داد ہے۔ ایک مقبولِ عام کشمیری نعت کے یہ شعر تعارفاً درج ذیل ہیں۔

عالمہٕ کہٕ تاجدارو، لگٕے عربہٕ کے شہسوارو لگٕے
از دِہ دیدار مشتاق ہے محشر کے اکہٕ سہارو لگٕے

یا ایک اردو کا شعر:

گیسوئے آبدار کا سایہ نصیب ہو
یارب دیارِ پاک میں میرا قرار ہو
تیرا کرم حضورؐ ہے جن کے نصیب میں
مشتاقِ بے نوا کا بھی ان میں شمار ہو

سرکارِ دوعالم، شافعِ محشر آنحضور محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم کی تشریف آوری اوران کی بعثت نبوت سے پہلے جہاں سارے جہاں کی بالعموم اور سرزمینِ عرب کے اطراف و اکناف کی آبادی بالخصوص ''جس جہالت، قتل و غارت گری، ظلم و جبر، سماجی بے انصافیوں، متعدّد قسم کی بدعتوں، بے راہ رویوں، اخلاقی پستیوں، بدحالی اور بدامنی، غریب اور نادار لوگوں کی استحصالی کاروائیوں اور سماجی برائیوں میں گھر چکی تھی اور جن میں اپنی ہی نوزائدلڑکیوں کو زندہ درگور کرنے کی لرزہ خیز رسم اور غلاموں کی خرید وفرخت کرنے کا شرمناک کاروبار اور کئی قسم کی اخلاق سوز رسومات عام ہو چکی تھیں۔ یہاں تک کہ مولائے کریم وربّ جلیل سے عقیدت رکھنے کے باوجود یہاں پر بُت پرستی عام ہو چکی تھی اور خانۂ کعبہ کے گرد زن ومرد الف ننگا ہو کر طواف تک کرنے میں کسی قسم کی شرم محسوس نہیں کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ایسے تاریک ترین دور کو ختم کرنے اور بنی نوعِ انسان کی اصلاح، رہبری اور رہنمائی کے لئے اس دنیا میں حضرت محمدؐ جیسے ''دُرِّ یتیم'' کو بھیج کر ایک نئے اور روشن دور کا آغاز کیا اوران کی بعثت کے بعد سرزمینِ عرب اور دُنیا کے گوشوں گوشوں میں جو سماجی، اخلاقی اور دینی اور سیاسی انقلاب برپا ہوا اس پر لاکھوں کتابیں لکھی جا چکی ہیں اور یہ سلسلہ جاری ہے اور قیامت تک جاری رہے گا۔

آنحضورؐ کے اوصافِ کریمہ، اخلاقِ حسنہ، ان کی سیرت وذاتِ اطہر اور اسوۂ حسنہ اور ولادتِ بابرکات سے لے کر اور ظاہری وصال تک کی حیاتِ ارضی کے تمام اہم واقعات پر دُنیا کی مختلف زبانوں کی نظم ونثر میں لاتعداد کُتب مرّتب ہوچکی ہیں اور یہ سلسلہ آگے بھی جاری رہے گا۔

مُسلمانانِ عالم کی عقیدتی شاعری کے تین اہم عناصر حمد وثناء، نعت اور مناجات ہیں۔حمد وثناء میں مناجات کی اصطلاح بھی شامل ہے۔''حمد'' اس منظوم کلام کو کہا جاتا ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی عظمت، ذات وصفات، خلاّقی، بلند مرتبگی اور بڑائی کا تذکرہ انتہائی عقیدت ومحبت کے ساتھ کیا جائے۔اس نازک صنفِ شعر میں لب و لہجہ کے حوالے سے عاجزی، انکساری اور اطاعت کا بدرجۂ اتم موجود ہونا لازمی امر ہے۔''مناجات'' ایسی نظم جس میں اللہ تعالیٰ کا شکر اور حمد وثناء، توصیف وتعریف کرتے ہوئے اُسے حاضر وناظر سمجھ کر اس کے ساتھ اپنے راز ونیاز، دُکھ، درد، عرض ونیاز اور التجاء کا اظہار اور اپنی نجات طلبی کی دُعا کی جائے۔اللہ تعالیٰ نے بذاتِ خود قرآنِ کریم میں ہمیں حمد وثنا اور مناجات پیش کرنے کا سلیقہ سکھایا ہے۔حمد وثنا کی صنف شعرِ عربی سے فارسی اور فارسی سے دنیا کی بیشتر زبانوں میں چلی آئی ہے۔اور برِصغیر ہندو پاک میں اس صنف نے بڑی تیزی سے قبولِ عام حاصل کیا۔یہ صرف اللہ کے لئے مخصوص ہے۔مخلوقِ خدا ابتدائے آفرینش سے ہی مختلف صورتوں میں اللہ کی شکر گزاری کرتی آئی ہے۔

''صنفِ نعت'' مرسلِ اعظم احمدِ مجتبیٰ خاتم النّبین ؐکی شان، عظمت اور تعریف

میں لکھی جانے والی وہ شعری یا منظوم تخلیق ہے جس میں آنحضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کا سراپا، شکل وشباہت، قدِ زیبا، سیرتِ طیّبہ، اقدارِ مقدّسہ، اسوۂ حسنہ، قدِ زیبا، حُسن و جمال، مرتبہ وجلال، اوصافِ کریمہ، فرمودات عالیہ وغیرہ کا بڑی سلیقہ مندی، محبت اور عقیدت سے اظہار کیا گیا ہو۔ حضورِ انور کی مدح وتعریف کرتے وقت نعت گو ان کے عظیم مرتبہ ومقام، ادب واحترام، ان کی مقدّس ذاتِ پاک کو ملحوظ رکھتے ہوئے جس قدر بہترین زبان والفاظ، تراکیب، تشبیہ اور استعارات کا موزون برتاؤ کیا جائے اتنی ہی نعت شریف کامیاب تصوّر کی جائے گی۔ پُر اثر نعتیں وہ ہیں جن میں آنحضورؐ کی ذاتِ مقدس کے بارے میں والہانہ عقیدت اور ادب ومحبت کا اظہار کیا گیا ہو۔ نعت نگاری میں زبان وبیان کی قید تو ہے ہی تاہم موضوعات بے شمار ہیں۔ اُن میں ولادت سے وفات تک کی آپؐ کی حیاتِ ارضی کے اہم واقعات بیان ہوتے ہیں جن میں آپؐ کے بچپن، جوانی کے ایام، بعثت، ایذا رسانی، ہجرت، غزدات، معراج، حجتہ الوداع اور وفات شامل ہیں۔ نیز آپ کے اخلاقِ عالیہ، آداب، احسانات، عنایات، ارشادات اور علم وفضل کا بھی ذکر ہوتا ہے۔......ان میں روضۂ رسولؐ پر حاضری کی تمنا کا اظہار، ندامت کے ساتھ فریاد اور التجا، گزارش احوال، غمِ دوراں سے نجات اور سب سے بڑھ کر شفاعت طلبی اور دیدار کی درخواست پیش ہوتی ہے۔''۔''نعتِ مصطفیٰ'' مظفر احمد خان۔فروتن ۲۰۰۲ء۔ص:۹۰،۹۱)

''جنابِ رسالتِ مآب حضورِ اکرمؐ کے اوصافِ حمیدہ، اُنؐ کی فضیلت وبرتری اور حُسنِ اخلاق، ظاہری وباطنی حُسنِ لامثال کی نعتیہ اشعار میں تصویر کشی کرنے کے لئے

بڑے حوصلے اور سوزِ جگر کی ضرورت ہوتی ہے۔ بعدازاں الفاظ کا حُسنِ انتخاب، عقیدت، جذبات اور عشق اور قلبی کیفیات کی گہرائی اور وارفتگی کا ایسے الفاظ میں کیا جائے جو نعتِ شریف کے اشعار کو روشن اور ضیا پاشی کرتے ہوئے محسوس ہوں اور ہر شعر پڑھنے کے بعد قاری تشنہ کامی محسوس کرے۔ آنحضورؐ کی مدح اور توصیف میں لکھے ہوئے اشعار میں کسی قسم کی لغزش شاعر کو کُفر وشرک کی حدود تک پہنچا سکتی ہے۔ نعت گو شاعر کو اسلامی شریعت کے تقاضوں کی پاسداری، ہوش وحواس قائم رکھتے ہوئے فنِ نعت کی حدود کے اندر ہی رہ کر کرنی چاہیے اور اپنے جذبات کا اظہار بڑے احترام اور ندامت سے کرنا چاہیے۔ اسے ہر لمحہ اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ الوہیت اور نبوّت کے درمیان اتنا ہی فرق ہے جتنا خدا تعالیٰ اور بندے کے درمیان مذہب اسلام کے بنیادی تصوّرات میں واضح طور پر بیان کیا گیا ہے۔'' (بشیر بھدرواہی۔ جموں وکشمیر میں نعتیہ ادب کی تواریخ ۲۰۱۲ء۔ ص:۵۲)

''نعت شرعی دائروں اور توحید کی نازک سرحدوں کے اندر رہ کر لکھی جانی چاہیے تاکہ کسی قسم بھی طرح سے سوءِ ادب یا ناقابلِ تلافی گستاخی سرزد نہ ہونے پائے''۔ (ایضاً۔ ص:۵۳)

نعت کسی بھی مروّجہ صنفِ سُخن میں لکھی جاسکتی ہے۔ جس میں حمد، قصیدہ، غزل، سراپا، شہر آشوب، رباعی، قطعہ، ترکیب بند، ترجیع بند، سلام ونثری نظم وغیرہ شامل ہیں۔ مثنوی کی صنف میں بھی اللہ کی حمد وثنا کے بعد آنحضورؐ کی توصیف اور کمالات کا اظہار بڑی عقیدت اور احترام سے کیا جاتا ہے۔ ایسی نعوت کو ہم مدحی یا توصیفی کہہ سکتے

ہیں۔نعت دُعائیہ التجائیہ اور ثنائیہ اسلوب میں بھی کہی جاسکتی ہے۔بہر حال نعت میں عقیدت اور فن کا امتزاج ہوتا ہے۔عقیدت جتنی گہری اور صاف سُتھری اور بے لاگ ہوگی۔اتنا ہی نعت میں دلکشی،خوبصورت اور نکھار پیدا ہوگا۔

بقولِ مولانا احمد رضا ''حقیقتاً ''نعت شریف ایک مشکل ترین صنف ہے۔ جس کو لوگ آسان سمجھتے ہیں۔اس میں تلوار کی دھار پر چلنا ہے اگر شاعر حد سے تجاوز کرتا ہے تو الوہیت تک پہنچ جاتا ہے اور کمی کرتا ہے تو تنقیص ہوجاتی ہے۔نعت گوئی کے دوران ہر شاعر کے پیشِ نظر یہ حقیقت رہنی چاہیے کہ سرکارِ دو عالمؐ ہماری اس مدح کے محتاج نہیں یہ ہماری قسمت نہیں بلکہ معراجِ قسمت ہے کہ ہمیں بارگاہِ رسالت میں لب کشائی کی توفیق میّسر ہوئی ورنہ وہ عالم پناہ کہاں اور سراپا گناہ کہاں؟ حقیقت تو یہ ہے کہ انہی کا کام ہے کہ وہ زبان کو توانائی بخش دیتے ہیں کہ زبان وصفِ رسالت پناہی کے قابل ہوجاتی ہے''۔

(شیرازہ اردو۔کلچرل اکیڈیمی۔۲۰۰۵ء۔ص:۴۴،۴۵)

بقولِ مولانا مودودی آنحضور کے شمائل اور محاسن بیان کرتے وقت وقار، متانت،تعظیم اور تقدیس کی روش اختیار کرنی چاہیے''۔نعت میں کسی قسم کی مبالغہ آرائی نہیں کی جانی چاہیے اور ہر لحہ حقیقت نگاری سے کام لینا چاہیے کیونکہ شاعرانہ غلو اور مبالغہ طرازی سے نعت کا تاثر ختم ہوجاتا ہے اور شاعر شرک کا مرتکب بھی ہوجاتا ہے۔ آنحضور کی فضیلت بیان کرتے ہوئے باقی پیغمبرانؑ کی تحقیر کا ( خدانخواستہ ) احساس تک نہیں ہونا چاہیے۔''نعت گو کو اسلامی اقدار کی پوری آشنائی ہو اور وہ عشقِ رسولؐ اور

عقیدتِ رسالت مآبؐ سے سرشار ہونا چاہیے۔ اس میں ذاتِ اقدس پر درود و سلام کا بے پایاں شوق اور بے ادبی کا شمہ بھر احتمال نہ ہو۔ خیر البشرؐ کا مقام، بشر ثابت کرتے وقت مجروح نہ ہو۔ نعت والہانہ فریفتگی سے دل کو دماغ پر، جذبہ کو فکر پر، عشق کو عقل پر ترجیح دینے کا نام ہے۔ یہاں بے راہ روی کی گنجائش نہیں۔ دل عشق کی جلوہ گا ہو تو سروشِ غیبی کا مرکز ہوگا'' (بحوالہ پروفیسر وصی احمد صدیقی۔ تعمیر لکھنو۔ ۱۹۹۹ء)۔

منقبت اس منظوم ادب پارے کو کہتے ہیں جو بقولِ ساجد ''باقی اصحابؓ ''اہلِ بیتؓ، اولیائے کرامؒ اور دین کے باقی بزرگوں کی سیرت با کمال کو ظاہر کرے۔''

(بحوالہ کاشرِ س ادبس منز نعت گوئی۔ آلو۔ محکمہ اطلاعات۔ ۱۹۹۸ء۔ شمارہ: ۴)

بعض شعراء، حمد، نعت اور منقبت لکھتے وقت ان اصناف کی مخصوص حدود کے اندر نہ رہتے ہوئے اپنی عقیدت اور جذبات کا منظوم اظہار کرتے ہیں۔ ایسا کرنے سے وہ خدائے باری تعالیٰ کی (توحید) آنحضورؐ (کی رسالت) اور بزرگانِ دین کے مراتب اور درجات کو آپس میں خلط ملط کر جاتے ہیں اور اس طرح شرعی حدود کو پھاند کر شرک کی حدود تک پہنچ جاتے ہیں۔ یہ حالات دیکھ کر علامہ اقبالؒ ایسا کچھ فرمانے پر مجبور ہو گئے تھے:

کشیری کہ بابندگی خوگرفتہ　　بُتے مے تراز زسنگِ مزارے

مشتاق فریدیؔ کی تازہ ترین زیرِ نظر عقیدتی ادب کی مختلف اصناف کا احاطہ کی ہوئی تخلیق ''مجموعۂ نعت'' کا سرسری جائزہ لینے سے معلوم ہوتا ہے کہ اُنہوں نے اس شاعری کے تینوں بڑے عناصر یعنی ''حمد و مناجات، نعت اور اور مناقب'' میں طبع آزمائی

کی ہے اور اس دوران ہر صنف کے اُن تمام مسلّمہ آداب اور لوزامات کو بڑی احتیاط اور عقیدت مندی سے مدِّ نظر رکھا ہے جن کے بارے میں مندرجہ بالا سطور میں تفصیل سے ذکر کیا گیا ہے۔

''مجموعۂ نعت'' کا آغاز روایتی طور پر حق باری تعالیٰ کی حمد و مناجات سے ہی کیا گیا اور ان نازک اصناف میں اشعار تخلیق کرتے وقت خالقِ کائنات کی وحدانیت، برتری، رحیمی، کریمی، جبّاری، کبریائی اور دیگر اوصافِ کریمہ جن میں عفو و درگزر اور ذاتِ مقدّس سے جُڑی ہوئی بہت سی صفات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے اس کی حمد و ثناء بہت ہی حلیمی، عاجزی اور جذبۂ ایمانی سے کی گئی ہے۔ وہ اس حقیقت سے پوری طرح باخبر ہیں کہ بندے کا تعلق سیدھے اللہ تعالیٰ سے ہوتا ہے۔ اس لئے اسی کے سامنے اپنی نجات، گناہوں کی معافی اور اپنی مشکلات اور دُکھ درد کو دور کروانے کے لئے آہ و زاری کرتے رہنا چاہیے۔ اس حوالے سے ان کی بشریت، خاکساری اور انکساری کے جذبات مندرجہ ذیل اشعار میں بخوبی دیکھے جاسکتے ہیں۔ مشتاق فریدیؔ کو یقین ہے کہ دعاؤں اور التجاؤں کی مستجابی صرف اللہ کے ہی اختیار میں ہے:

میرے جذبات کو یارب ایسی زبان دیدے
دِلوں کو موم جو کردے، وہ تاثیر و بیاں دیدے

☆

مشتاق سوختہ جاں مانگے دُعا الٰہیٰ!
بس خاکِ پائے احمد میرا علاج رکھنا

☆

اندھیرے یہاں پر مسلّط ہوئے ہیں
ہماری شبِ غم کی آخر سحر ہو!

☆

ہے مشتاق طالب عفو کا تری
نہیں کوئی بخشش کا کوئی حساب

☆

تجھ سے ہی دعا مانگیں ہے وقتِ دُعا یارب
ہم دور کے درماں ہو،دے ہم کو شفا یارب

☆

بِن تیرے کدھر جائیں اب کس سے مدد مانگیں
چوکھٹ پہ تیری ہی اب سَر ہے رکھا یارب

☆

عطا ہو مجھ کو نگاہِ شفقت ،نوزاشوں کا سوال بھی ہے
نہ چاند مانگوں نہ چاندنی میں،سکون دل کا ضرور دے دے

☆

کردار مسلماں کا تابند در خشاں ہو
باتوں میں وضاحت ہو، چہرے پہ دلالت ہو

☆

یارب کرم کی بھیک دے امن و امان دے
میری زمینِ شعر کو اب آسمان دے

☆

ہو کیسے عاصیوں کو بھی تیرا کرم نصیب
دانائے راز مجھ کو ادراکِ راز دے

☆

مشتاق نوازش جب ہوتی ہے یہاں مجھ پر
یوں بامِ سُخن سے اشعار اُترتے ہیں!!

☆

نذر و نیاز ہے میری اے ربِ جلیل
پیش حضور ہیں یہی اوراقِ پریشاں

☆

محتاج یہ کلام ہے شرفِ قبول کا
ناقص کلام کو عطا کر صورتِ جمیل

''کلّیاتِ نعت'' کے نعتیہ حصے میں مشتاق صاحب کے، شافعِ محشر، سرکارِ دوعالم حضرت محمدؐ کے تئیں والہانہ محبّت، عقیدت و احترام اور اعتقادی جذبات میں ڈوبے ہوئے لاتعداد نعتیہ اشعار سامنے آئے ہیں جو نہایت ہی مناسب زبان واسلوب

سے بڑے مؤدّبانہ وانکسارانہ لہجوں میں تخلیق کئے گئے ہیں اور جن کا ہر ہر شعر ایک آبشار کی طرح پھوٹ کر قاری کے دل کو سکون و سرور بخشتا ہے اور بعضے آنکھوں کو اشکبار بھی کر دیتا ہے۔نعت لکھتے وقت وہ بڑی احتیاط کا مظاہرہ کرتے ہوئے ممدوح اور مدّاح کے نازک رشتوں اور مراتب کی مخصوص سرحدوں کو پھاندنے سے گریز کرتے ہیں اور اپنے اشعار میں پاکیزگی اور خلوص کے موتی پروتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔نعتیہ ادب کے مسلّمہ تخلیقی عناصر کے آداب کا شدید احساس انہیں فخرِ دو عالمؐ کے ارفع و اعلیٰ رُتبے، ان کے محاسن و شمائل، انؐ کی عظمت و تقدس اور وقار کے مقررہ پیمانوں سے سرِ مو بھی انحراف کرتے ہوئے نظر نہیں آتے۔اپنے اشعار میں وہ بازاری قسم کی زبان، تشبیہات اور کنایات یا مبالغہ آرائی وغیرہ سے بچتے ہوئے حقیقت نگاری کو ترجیح دیتے ہیں۔انہیں رسالتِ مآبؐ کے جمال و جلال اور سیرتِ پاک اور اوصافِ حمیدہ کی پوری آگہی ہے۔وہ ہر لمحہ معبود اور عابد کے درمیان فرق کو ملحوظ رکھتے ہوئے خدائے ذوالجلال کے مقام پر کسی اور کو فائز کرنے کی جسارت نہیں کرتے۔انہیں الوہیت اور نبوّت کا پورا احساس رہتا ہے اور اشعار میں شعوری طور پر کسی قسم کی لغزش سرزد ہونے سے دامن بچا کر اپنی پختہ کاری کا ثبوت پیش کرتے ہیں۔

مشتاق فریدیؔ نے نعتوں میں اس فن کے تقاضوں کو پورا کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے۔اس میں شک نہیں کچھ دیگر شعراء کی طرح ان کے نعتیہ اشعار کو غور سے پڑھتے ہوئے اُن میں خیالات کی تکرار کا عنصر محسوس ہوتا ہے تاہم وہ ایک ہی جیسے خیالات کو اسلوب اور ہیئت کے لحاظ سے نئے جامے پہنا کر اشعار میں نیا پن، رنگینی

اور جاذبیت پیدا کرنے میں ماہر ہیں۔ جس سے قاری کو تکرار کی کوفت محسوس ہی نہیں ہوتی۔ وہ جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی مقدّس کتاب یعنی قرآن کریم میں اپنی حمد وثناء کرنے، اُسے لاشریک جاننے، اُسی کی عبادت کرنے اور حضرتِ محمدؐ کو رسول اللہ ماننے اوران پیغامات کو دوسروں تک پہچانے کی اکثر بارتاکید کی ہے۔

مشتاق صاحب کو اس بات کا پورا احساس بھی ہے کہ آنحضورؐ کی توصیف اور مدح سرائی قرآنِ کریم کی آیات اور احادیثِ نبویؐ کی ہی دین ہے۔ جو اس کی فکری اساس قائم کرتی ہیں۔ بقولِ مولانا جامیؒ ''اس صنف کی بلند مرتبگی، بڑھائی اور مٹھاس کا کیا کہنا جس کی بنیاد اللہ تعالیٰ نے خود ڈالی ہو''۔ دراصل اللہ تعالیٰ ہی آنحضورؐ کے اوّلین نعت خواں ہیں۔ سورۃ الاحزاب میں ارشاد ہے ''اللہ تعالیٰ خود اور اس کے ملائکہ نبیؐ پاک کو درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو تم بھی اُن پر درود و سلام بھیجو۔'' (ترجمہ: آیت ۳۳، آیت ۵۶)

موصوف صنفِ نعت کے تقدّس، عظمت اور نزاکت کو ملحوظ رکھتے ہوئے نعت لکھتے وقت خود کو بڑی احتیاط برتنے کی تاکید کرتے ہیں:

خطا کی نذر یہ نظر نہ ہو جائے، سہو خطا کچھ ادھر ہو نہ جائے
نزاکت کا احساس نعتوں میں رکھنا کہیں کوئی زیر و زبر ہو نہ جائے
ہے مشتاق نازک یہ نعتوں کی نعمت کہیں یہ انا کی نذر ہو نہ جائے
خدا ان کا طالب وہ مطلوب ان کے، نہیں ہم سے ممکن ثنائے محمدؐ
نعت مشتاق تب ہی تو کرے رقم

آبِ زمزم میں بھیگا ہو تیرا قلم
نورِ تقدّس ہو لفظوں میں جلوہ گر
روشنائی میں ہو حُسنِ بوئے ارم
ہو ندامت میں زیر و زبر سے عیاں
نقطے تحریر ہوں سب ہی چشمِ نم

جب حمد وثنا اور نعت لکھتے وقت کردہ گُناہوں کا احساس ہونے لگتا ہے تو وہ شرمندہ ہوکر اپنی ندامت، بے چینی اور اضطراب کی کیفیت کی اشعار میں بڑی تشنگی، شستگی، روانی، رفعتِ پروازی سے منظر کشی کرتے ہیں اور نئی اصطلاحات کا استعمال کر کے اشعار کو دِلکش اور قابلِ داد بنا دیتے ہیں:

جب ذوقِ گناہ کے آنگن میں احساس کی بجلی گرتی ہے
پھر ابرِ ندامت کا بادل آنکھوں سے ٹپکتا رہتا ہے !!
جب قلم و زباں بھی رُکتے ہیں، ہر بات اُدھوری رہتی ہے
پھر رات گئے اس عالم میں مشتاق تڑپتا رہتاہے

ذوقِ گناہ کا آنگن، احساس کی بجلی اور ندامت کے بادل جیسی اصطلاحیں اشعار میں ایک نیا حُسن پیدا کرتی ہیں۔

مشتاقؔ اپنی نبضِ حیات کی صدا کو سرورِ کائنات کے احسان کا بڑا اعزاز جان کر ان کے ممنون و مشکور ہیں اور اپنے کلام کے نقائص اور اپنے گناہوں کا اقرار کرتے ہوئے آنحضورؐ کے دربارِ رسالت میں بڑی ندامت سے مُلتجی ہیں کہ کلام کے حُسن و قبیح

سے صرفِ نظر کرتے ہوئے ان کا یہ ناقص تحفہ قبول کیا جائے اور اُسے اپنی نگاہِ کرم سے نہ گرایا جائے:

مشتاق روسیہ، تیرا اعزاز یہی ہے
ممنونِ مصطفٰے تیری نبضِ حیات ہے
کلامِ ناقص ہیں شعر میرے ، نہ حُسنِ فن ہے شاعرانہ
نہ چھیڑ حُسن قبح کا مسئلہ نہ کر پرکھ ان کی شاعرانہ
یہی گُزارش ہے میرے آقا نظر سے مجھ کو نہیں گرانا
گو میں کثافتوں میں ڈوبا ہوں
پھر بھی مشتّاق نعت کہتا ہوں

اور نعتوں کی برکت سے ہی ان کو عظمت اور توقیر حاصل ہوئی۔ وہ دورِ گمنامی سے باہر آ گئے ہیں۔

مشتاق فریدی کو توقیر تھی نہ عظمت تھی
نعتوں نے نوازا ہے گمنام کو عظمت سے

آنحضورؐ کی عقیدت اور محبّت کے بغیر کسی شاعر کو نعت گوئی کا شرف حاصل نہیں ہوسکتا ہے۔اس حوالے سے مشتاق صاحب کے درج ذیل اشعار قابلِ توجہ ہیں:

حُبِ نبیؐ ہو ،جن کو مشتاقؔ وہ لکھیں گے
نعتِ رسول لکھنا جرأت تری کہاں ہے
اسمِ نبیؐ کی برکت مشتاقؔ ہے وگرنہ

تیری سُخنوری کیا، کیا ہے کلام تیرا
تیرا کرم حضور ہے جن کے نصیب میں
مشتاقؔ بے نوا کا بھی ان میں شمار ہو
بہ پاسِ پیغمبرؐ ہو شرفِ قبول!
میں لایا ہوں نعتوں کا یہ انتخاب
ہے شفقت انہیؐ کی بھٹکنے نہ پایا
بہ ہرگام دیکھے، صنم کیسے کیسے
مشتاقؔ ، شاخِ غم سے کھلتے رہے گلاب
ذکرِ جمیل مصطفیٰؐ میں یوں ملا انعام
نعتوں میں تیرے نام سے یہ حُسن بیان ہے
اک کوثر و تسنیم کا یہ آبِ رواں ہے

شاعر نعت نویسی کے فن کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک غیبی عطیہ اور مدد قرار دیتے ہیں کیونکہ وہی منبع علوم ہے اسی لئے ان کی ناخواندگی اس مقدّس فن کی راہ میں ان کے آڑے نہیں آتی۔اس حوالے سے ان کا یہ شعر پڑھیے:

لکھے نعت ایک نیم خواندہ کہاں    ہو نہ ترسیل از غیب جذبات کی

مشتاق فریدیؔ اپنی نعتوں کو اپنی زندگی کا ایک قیمتی سرمایہ سمجھتے ہیں اور عشق و عقیدتِ آنحضورؐ میں مستغرق ہو جانے کو زندگیٔ جاوداں حاصل کرنے کا وسیلہ قرار دیتے ہیں۔میں اپنی زندگی کے باقی لمحات سرزمینِ مدینہ میں گزار کر آنحضورؐ کے روضۂ اقدس

پر نازل ہونے والی رحمتوں اور برکتوں کے فیوض سے سرشار ہوکر روحانی حظ وسرور حاصل کرکے اسی مقدس سرزمین ہی میں فنافی اللہ ہونا چاہتے ہیں۔

دیکھیئے اس حوالے سے وہ کتنے دلپذیر نعتیہ اشعار کی تخلیق کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں:

اشکوں کا مجھے ہمدم اب ہار بنانے دو
آقا کو مدینے میں روداد سنانے دو
نعتوں کے سوا میرے ہے پاس نہیں کچھ بھی
اشکوں سے یہ بھیگی ہے سوغات لٹانے دو

☆

ہر گز نہ کسی کی پھر یاد مجھے آئے
آئے تو مدینہ کا ہر بار خیال آئے
دے میرے خیالوں کو جدت ونزاکت اب
احساس نکھر جائیں جذبوں میں کمال آئے

☆

گیسوے تابدار کا سایہ نصیب ہو!
یا رب دیارِ پاک میں میرا مزار ہو

☆

چلے گا سکہ خلوصی کا ہی ، ریانہ ہرگز شمار ہوگا!

فنائے عشقِ نبیؐ جو ہوں گے وہ محوِ لطف و سرور ہوں گے

☆

جبھی مجھ کو مشتاقؔ ہے کیف و مستی
نظر میں ردائے محمدؐ ہے مجھ کو!

☆

مٹی میں مدینے کی تحلیل میری جان ہو
مشتاق پہ بس اتنی سرکار نوازش ہو
جب ہوک سی اُٹھتی ہے آقا کو بلاتا ہوں
احساس کے شعلوں سے سوزاں ہے میری ہستی
ہو کام میرا یارب شیریں کلام لکھنا
نعتِ رسولِ رحمتِ خیر الا نامؐ لکھنا
ترے حضور جب بھی عاشق شمار ہوں گے
مشتاقِ روسیاہ کو اپنا غلام لکھنا!
گر عمرِ خضر مشتاق مِل جائے یہاں مجھ کو
دل چاہے گا مرنا صدبار مدینے میں
مشتاق جلاتی ہے یہ آتشِ عصیاں جب
پھر آگ بُجھانے کو نعتوں کے سِوا کیا ہے
مشتاق قول و فعل کا کچھ محاسبہ کرو

پھر جا کے مل سکے گی شفاعت رسولؐ کی

☆

توقیر جو ہے شہر میں اس نابکار کی
انعام و اعجاز ہے نعتِ رسولؐ کا

☆

اسی سے روشن ہیں جلوتیں بھی نکھار قائم ہے خلوتوں کا
یہ ذکر تیرا رسول اکرمؐ کہاں نہیں ہے کہاں نہیں ہے

مشتاقؔ صاحب کو روضۂ پاک کے حوالے سے ارضِ مدینہ منوّرہ کے ساتھ اس قدر لگاؤ اور والہانہ محبت ہوگئی کہ اُنہوں نے اس نیت سے زیرِ نظر گلدستۂ نعت کی نعوت میں اس مقدّس شہر کا بار بار ذکر کیا ہے۔ اس گوشۂ رحمت کی موصوف کو خلوت اور جلوت میں یاد آ آ کے تسکینِ قلب اور روحانی فیوض حاصل کرنے کا باعث بنتی ہے۔ ان کی ایک نعت کے یہ چند اشعار ان کے خلوص بھرے اور شدید جذبات کی بہترین اسلوب و زبان میں عکاسی کرتے ہیں:

جب یادتری آقاؐ لیتی ہے مدینے میں
تسکین میرے دل کو دیتی ہے مدینے مین
انجان ، نہ سودائی ، دیوانہ نہیں ہوں میں
حق بات ہے روح میری رہتی ہے مدینے میں
ہے جس کی طلب تم کو ، اے تشنہ لبو، آؤ

تسنیم کی یہ ندیا بہتی ہے مدینے میں
رحمت کی گھٹا آکر اس شہرِ مدینہ میں
دھوتی ہے گناہوں کو رہتی ہے مدینے میں
اس آنکھ کے صدقے ہو ، مشتاق میری بینائی
جواشکِ ندامت بھی سہتی ہے مدینے میں

کتاب کے اورق اُلٹتے جائیے اور نعتوں کی فیوض، برکات اور رحمتوں سے مستفید ہوتے جائیے!۔اس حوالے سے یہ چند ایک اشعار بھی قارئین کی تسکین کا باعث بن سکتے ہیں:

پلکوں پہ میری بطحا ، آنکھوں میں مدینہ ہے
حجازِ مقدس کی راہوں میں مدینہ ہے
ہے شاہ مدینہؐ یہ تیرا ہی کرم مجھ پر
تابندہ میری نیندیں خوابوں میں مدینہ ہے
ہے نور بصیرت گر ، تو دیکھ یہاں آکر
قرآنِ مقدّس کے پاروں میں مدینہ ہے

☆

سر بسجدہ زمانہ مدینے میں ہے
رحمتوں کا خزانہ مدینے میں ہے
لُطف مشتاقؔ زندگی کا ہے وہیں

یہ اداعا شقانہ مدینے میں ہے!

☆

کہاں رحمتوں کا شمار اللہ اللہ
مدینے پہ آیا نِکھار اللہ اللہ!
ہے مشتاق بس کامراں آخرش وہ
مدینہ ہو جس کا قرار اللہ اللہ

فریدی صاحب کو گیارہ بندوں پر مشتمل ایک طویل نعتیہ نظم لکھنے کی سعادت بھی نصیب ہوئی ہے، جو نئے اسلوب میں تحریر ہوئی ہے۔اس نظم کا مرکزی خیال نعتوں کی برکات اور کائنات کی ہر شے پر ان کی اثر پذیری کے گرد گھومتا ہے۔نمونے کے طور پر نظم کا پہلا بند قارئین کی دلچسپی کے لئے درج ہے:

نعتوں کے گُلستان میں کلیاں چٹک رہی ہیں
شبنم بکھر رہی ہے، شاخیں مہک رہی ہیں
ہُو ہُو کی نغمگی ہے قمری چہک رہی ہے
فکر و نظر کی شاخیں ہر سُو لہک رہی ہیں
شبِ غم کی تلخیوں پر نعتوں کے پھول رکھنا!
آقا کی نقشِ پا کی آنکھوں میں دھول رکھنا

نعتیہ ادب میں سرکارِ دو عالم شافعِ محشر کے حضور ہدیۂ نعت پیش کرنے کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کے قرآنی احکامات کے مطابق اُن پر درود سلام بھیجنے کا سلسلہ

صدیوں سے مروّج ہے۔ مولانا احمد رضا خان اور مولانا ماہر القادری کی نعتوں کے مطلعوں سے لئے گئے بالترتیب ان مصرعوں:

''مصطفٰے جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام'' اور ''سلام اُس پر کہ جس نے بے کسوں کی دستگیری کی'' کی گونج آج تک برِصغیر ہند و پاک کے مسلمانوں کے دِلوں میں ایک نیا جوش و گداز اور کیف و سرور پیدا کرتی آئی ہے۔ آنحضورؐ کے ساتھ والہانہ عقیدت اور احترام ہونے کی وجہ سے آئے دن عقیدتی شاعری کے اصناف میں دِلکش اور حسین و جمیل شعریات کا اضافہ ہو رہا ہے۔

درود و سلام کے حوالے سے مُشتاقؔ فریدی کی تخلیقات کے کچھ اشعار میں ان کے اظہاری رویے اور اسلوب کا بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ درودِ حضور:

جب بھی ورد زباں ہو درودِ حضورؐ
جب ہی ہوتا رحمتوں کا ظہور
گونجتے ہیں جہاں درود سلام
آتے فرشتے ہیں وہاں پہ ضرور
شفائے دِل وجان درودِ حضورؐ
ضیائے حُسنِ ایمان درودِ حضورؐ
خزاں میں تو مشتاقؔ اکثر یہاں
سجائے گُلستان درودِ حضورؐ
رہتا ہے درخشندہ دِل تب تک ذکرِ محمدؐ سے!

مشتاقؔ درودوں کی آتی ہیں صدائیں جب

سلام:

مجبور و بے بسوں کا لے جا سلام لے جا
نادار عاشقوں کا لے جا سلام لیجا
لے جا نسیمِ سحری پیشِ نبیِ اکرمؐ
فرقت میں دِل جلوں کا لے جا سلام لے جا
کُھلنے کو ہے دریچہ رحمت کے آستاں کا
عاشق کے آنسوؤں کا لے جا سلام لے جا

☆

سلام اس پر خدائے لم یزل جس پر نازاں ہے!
سلام اس ذات پر جس کی محبت حُسنِ ایمان ہے!
سلام اس پر کہ جس کا ہے کرم مشتاقؔ عاصی پر!
سلام اس پر کہ جس کا بشر ممنونِ احساں ہے

فخرِ موجودات کی دُنیا میں تشریف آوری اور بعثت کے بعد عالمِ انسانیت میں مجموعی طور پر جو دور رس اثرات پڑے اور خوشگوار تبدیلیاں رونما ہوئیں ان پر تا ابد لکھا جاتا رہے گا۔ان میں سے چند ایک ''سماجی، دینی، اخلاقی اور سیاسی'' سطح پر واقع ہونے والی تبدیلیوں کی عکاسی مشتاقؔ فریدی کے کئی اشعار میں نمایاں طور پر محسوس کی جا سکتی ہیں۔ چند اشعار نمونے کے طور پر ملاحظہ ہوں:

وہ آئے غریبوں کے دلدار بن کر
نبوت کے آئے وہ شاہکار بن کر
جو سوئے تو رحمت کا طوفان جگایا
اُٹھے تو اُٹھے حق کی تلوار بن کر
نہ دیکھا زمانے نے تُجھ سا پیمبر
زمیں کہہ رہی ، آسمان کہہ رہا ہے!
تیرے نقشِ پا سے ستاروں نے مانگا
اُجالا یہاں پر جہاں کہہ رہا ہے

☆

آتے نہ محمدؐ تو دن رات کہاں ہوتے
جنت کے روح پر وباغات کہاں ہوتے

☆

نہ آتے آپ آقا یہ جہاں تو کچھ نہیں ہوتا
چمن ویران رہ جاتے یہاں تو کُچھ نہیں ہوتا
سِکھاتے آپ دُنیا کو نہ دستورِ جہاں بانی
سدا جنگ و جدل رہتے اماں تو کچھ نہیں ہوتا

☆

محکوم عرب آزاد ہوئے مختارِ مدینہ ؐ جب آیا

مجہول نما، نا بود ہوئے سالارِ مدینہ جب آیا
جذبات کی شبنم بکھرگئی احساس کی چادر تن سی گئی
اس چشم تصور میں ہم کو دربار مدینہ جب آیا
زر دار گئے نادار اُٹھے عظمت کی یہاں ستار لئے
ہر سود و زیاں سے بالا تر بازارِ مدینہ جب آیا
مجبور غمزدوں کا توہی ہے آسرا
تو چارہ ساز بے کساں ، توہی وکیل ہے

مشتاق فریدی نے اس نعتیہ مجموعے ''شبِ قدر، واقعۂ ہجرت، واقعہ معراج اور میلادالنبیؐ پر بھی گوہرفشانی کرنے کے علاوہ حضرتِ فاطمہؓ، امام حسینؓ اور چہار یاران بے صفا پر بھی جذبات بھرے مناقب شامل کئے ہیں۔طوالت کے خوف سے جن کا یہاں صرف حوالہ دیا جارہا ہے۔موصوف نے اپنی تہی دستی اور کم مائیگی کا احساس ہوتے ہوئے بھی اپنی بساط کے مطابق شکر و سپاس کے گُل ہائے عقیدت سے لبریز نعتوں کا یہ ضخیم اور خوبصورت گلدستہ سرکارِ دو عالم کے حضور پیش کرنے کی ہمت کی ہے جو واقعتاً ریاست کی اردو عقیدتی ادب میں ایک گرانقدر اضافہ ہے۔ دعا ہے کہ ان کا یہ قابل ستائش تحفہ شرفِ قبولیت حاصل کرے اور اس عاشق رسول، دیندار، مخلص اور نیک اطوار نعت گو کیلئے توشۂ آخرت ثابت ہوا اور ان کے قلم سے اعلیٰ پایہ کے مزید شاہکار تصور منصۂ شہود پر آئیں۔

☆☆

اصل: فارسی
اردو: مفتی شفیق الرحمٰن

# تاریخ کشمیر......(قسط:۹)

از

## ملک حیدر چاڈورہ

جب سیّد مبارک خان کو اس کی خبر ہوئی تو وہ جنگ کے ارادے سے ایک زبردست لشکر کے ہمراہ دیوسر کی طرف دوڑ پڑا اور جن لوگوں نے یوسف شاہ کو عہد و پیمان کر کے اور قسمیں کھا کھا کر یہاں لایا تھا اُنہوں نے نفاق ظاہر کر کے کھلم کُھلا اس کی نافرمانی کا اعلان کر دیا اور دشمنی و کینہ کی تلوار کو انتقام کے نیام سے باہر کھینچ کر جنگ کرنے کے لئے اُٹھ کھڑے ہوئے۔ جس کی وجہ سے یوسف شاہ بددل ہو کر کہال کے پہاڑوں کی طرف بھاگ گیا اور سیّد مبارک خان ناربل سے واپس لوٹا اور فتح و کامرانی کے ساتھ شہر میں داخل ہوا اور شہر میں پہنچتے ہی اس نے علی خان اور نوروز چک کو قید میں ڈالنے کا حکم دیا۔ وہ اکثر و بیشتر چکوں کی اہانت اور بے عزّتی کرنے کے لئے زبان درازی کرتا اور طرح طرح کی برائیاں اس قبیلے کے طرف منسوب کرتا۔ یہاں تک کہ

ایک رات لوہر خان اور حیدر خان اور یوسف خان اور حسن خان اور چکوں کے پروردہ ابدال بٹ برادرِ محمد بٹ پانپوری نے آپس میں عہد و پیمان کیا اور لوہر شاہ کے ہاتھ پر بیعت کی۔ وحشت ناک خبر سن کر مبارک خان نے لڑائی اور جنگ کئے بغیر ہی تاج و تخت شریعت پناہ قاضی موسیٰ کے حوالے کر دیا اور ۹۸۸ھ میں لوہر شاہ نے بادشاہت کا جھنڈا لہرایا۔ لوہر شاہ کے بادشاہ بننے کی خبر سنتے ہی یوسف شاہ بغیر کسی تاخیر کے کُہال سے مشہور بادشاہ جلال الدین اکبر کے دربار میں التجا لے کر گیا اور بادشاہوں کی بادشاہوں کے ساتھ جو عنایات ہوتی ہیں یوسف شاہ ان سے بہرہ مند ہوا۔ لوہر شاہ کے دورِ حکومت میں غلّہ اس قدر سستا تھا کہ ایک خروار دھان کا بھاؤ صرف ایک پیسہ تھا اور کشمیر کے باشندے خوشحال اور فارغ البال تھے۔

قلم پھر یوسف شاہ کی حکایت کی طرف جاتا ہے۔ یوسف شاہ جب بادشاہ غازی جلال الدین اکبر کی خدمت میں پہنچا تو اس پر اکبر کی مہربانیوں کی بارش ہوئی۔ بادشاہ اکبر اس کو اکثر تنہائی میں بلا کر اس کے احوال دریافت کرتا۔ یوسف شاہ فن موسیقی میں بے نظیر ہونے کی وجہ سے ساز و نغمہ کی محفلوں میں بادشاہ کے ساتھ شریک رہتا۔ ایک بار یوسف شاہ نے نادر الزّمان میاں تان سین گویّے کو اس کی ایک فنی غلطی پر ٹوکا۔ چونکہ تان سین مذکور کو شاہی دربار میں قبولیت حاصل تھی اور بادشاہ اس کی سنگت سے لطف اندوز ہوتا تھا لہٰذا اس نے یوسف شاہ کو امدادی کمک نہیں دی۔ آخر کار یوسف شاہ ایک راستے سے روانہ ہو کر لاہور پہنچا اور محمد بٹ جو اس کا وزیر تھا یوسف شاہ کی واپسی کی خبر سُن کر اس نے بہلول پور تک اس کا استقبال کیا اور تقریباً ایک ہزار سواروں کو نوکر بنا

کر لاہور کی طرف دوڑ پڑا اور آخر کار تاجروں اور ساہوکاروں سے قرض لے کر تین چار ہزار سواروں اور پیادوں کو نوکر بنا کر وہاں سے کشمیر کی طرف روانہ ہو گیا اور بنیر سے پار ہو گیا۔ یوسف ڈار ملک ڈار جو دو تین ہزار سوار و پیادہ فوج کے ہمراہ نوشہرہ کے مقام پر موجود تھا اس نے جب یوسف شاہ لوہر شاہ کی طرف آنے کی خبر سنی تو اس نے مجبوراً بھاگ جانے کا فیصلہ کیا اور جنگ کرنے کے لئے وہ ان کے بالمقابل کھڑا نہ ہو سکا اور کشمیر کی طرف روانہ ہو گیا۔ اور رائے بہادر راجوری نے جب دیکھا کہ یوسف شاہ جنگ کئے بغیر ہی کشمیر جا رہا ہے تو اس نے یوسف شاہ کی خدمت میں حاضر ہو کر آستان بوسی کا شرف حاصل کیا اور یوسف شاہ نے اس کو عنایاتِ خسروانہ سے نوازا اور اس کو اپنے ہراول دستے کا ذمہ دار بنا دیا اور تھانہ کی طرف روانہ ہو گیا۔ لوہر شاہ نے جب یوسف ڈار کے ہیرہ پور پہنچنے اور یوسف شاہ کے تھنہ کے مقام پر فروکش ہونے کی خبر سُنی تو اس نے سعی و کوشش کے دست و پا کو سمیٹتے ہوئے یوسف شاہ کے بہنوئی یوسف خان ولد حسین شاہ اور نازک بٹ ولد ابدال بٹ کو ایک بڑے زمیندار نازک ٹھاکور کے ہمراہ یوسف شاہ سے جنگ کرنے کے لئے سدو کے راستے سے روانہ کر دیا اور جب یوسف خان سدو کے مقام پر پہنچا تو اس نے نازک بٹ کو راستے میں رہا کر دیا اور خود یوسف شاہ کے ساتھ جا ملا۔ یوسف خان کے بھاگنے سے لوہر شاہ کی فوج میں خوف و ہراس کی لہر دوڑ گئی اور اسی اثنا میں شمس ملک ددنی اور حسن ملک ولد ملک محمد ناجی اور داؤد چک ولد ملک کاجی چک نے چستی کا مظاہرہ کیا اور وہ چوپل کے راستے سے بھاگ کر یوسف شاہ کے پاس تھنہ منڈی کے مقام پر جا پہنچے اور ملک حسن نے ملک محمد ناجی سے سنا تھا کہ وہ

اکثر فرمایا کرتے تھے کہ اگر تھوڑے سے لوگ پیش قدمی کرکے بہت سارے لوگوں پر حملہ کردیں تو اللہ کے حکم سے بڑی جماعت شکست کھا جائے گی۔اس نے یہی بات یوسف شاہ تک پہنچائی کہ چیرہار کے راستے سے نکل کر لوہر شاہ کو خبر ہونے تک سوپور کے دریا کو پار کرکے اور پل کو تباہ کرکے پرگنہ کامراج وغیرہ کو قبضے میں لے لیا جائے۔چونکہ یہ بڑی کارآمد تدبیر تھی لہٰذا یہ یوسف شاہ کے حق پسند دل کو چھوگئی اور موضع تھانہ سے ملک حسن کے بتائے ہوئے راستے سے روانگی طے ہوگئی اور دوسرے دن بیرو پہاڑ سے گزر کر اُنہوں نے کانزوہ نامی مقام پر ڈیرہ ڈال دیا اور وہاں سے کوچ کرکے دریا کو پار کرکے وہ تقریباً ایک رات دن میں سوپور پہنچ گئے اور وہاں سے کوچ کرکے دریا کو عبور کرکے وہاں پل کو کاٹ کر کامراج کی طرف دوڑ پڑے اور جب شہر میں یہ خبر لوہر شاہ کو پہنچی تو وہ سانپ کی طرح بل کھانے لگ گیا تھا اور یوسف خان کے بھاگنے کے بعد حیدر چک کو یوسف شاہ سے لڑنے کے لئے بھیجا گیا وہ یہ خبر سُن کر ہیرپورہ سے روانہ ہوکر لوہر شاہ کے پاس آگیا اور دونوں مل کر گیارہ ہزار سوار فوج اور تقریباً پچیس ہزار پیادہ فوج کے ہمراہ سوپور کی حدود کی طرف روانہ ہوگئے اور جب وہ کیوسہ کے مقام پر پہنچے تو اُنہوں نے سوپور کے پل کے جل جانے کی خبر سُنی اور وہاں سے ان سے تاخیر واقع ہوگئی اور کشتیاں فراہم کرنے کی فکر میں لگ گئے اگرچہ بہت ساری کشتیاں فراہم ہوگئیں۔مگر حریف پر غالب آنے کے لئے انہیں اس کے سوا اور کوئی چارہ دکھائی نہیں دیا کہ لشکر کو دو حصوں میں بانٹ دیا جائے۔لوہر شاہ نے وہیں پر فوج کے ایک حصے کا کمانڈر حیدر چک کو مقرر کردیا اور حسین چک ولد فتح چک اور شمس چک کپواڑہ کو تین چار

ہزار فوج اور پندرہ ہزار پیادہ فوج دے کر یوسف شاہ سے مقابلہ کرنے کے لئے راتوں رات کھوئہامہ کے راستے سے روانہ کر دیا اور جب یوسف شاہ کو حیدر شاہ کی خبر پہنچی تو وہ فکرمند ہو گیا اور عاجز ہو کر اپنے لوگوں سے مشورہ طلب کیا کہ اس بلا کا ہم کیا چارہ کریں اور ان بدکردار لوگوں کے ساتھ ہم کیا تدابیر اختیار کریں۔ان لوگوں سے توقع کی بنا پر ہم یلغار کر کے راستے کی محنت و مشقت کو برداشت کر کے ایک ہزار میل کی مسافت طے کر کے یہاں پہنچے تھے کہ شاید چند دن کی مہلت ملے گی اور کشمیر کے لوگ ہماری طرف رجوع کر لیں گے مگر ایسا نہ ہوا۔سب سے پہلے یوسف شاہ نے اپنی رائے دی کہ حیدر چک پر چڑھائی کر دینی چاہیے اور کھوئہامہ پرگنہ کی گھاٹی میں اس سے مقابلہ کرنا چاہیے۔اس کے بعد محمد بٹ نے مصالحت کرنے کا مشورہ دیا اور شمس ملک ددنی نے التماس کی کہ ہم بہت کم لوگ ہیں اس سال ہم بارہمولہ کے راستے سے باہر چلے جائیں اور موسم سرما پکھلی کے علاقے میں گزاریں اور موسم بہار کے شروع میں بادشاہ جس راستے سے چاہے،ہم اس راستے سے داخل ہو کر جنگ کریں اور ملک حسن جو کہ دانائی او ر بہادری میں بے مثال تھا اس نے عرض کیا کہ میں نے اپنے والدِ بزرگوار ملک محمد ناجی سے سنا تھا جب کہ وہ ملک کاجی چک اور ماگریوں اور ڈانگروں کے درمیان کیوسہ کے مقام پر تھے اور ملک ریگی چک شہر میں تھا ملک کاجی چک نے اپنے فرزندوں غازی شاہ اور دولت چک وغیرہ کو اس جماعت کے بالمقابل چھوڑ کر خود شہر میں ریگی چک پر شب خون مار دیا اور ماگریوں اور ڈانگروں نے خبر پا کر اپنی فوج کے دو حصے کر لئے اور ماگریوں نے غازی شہ کے مقابلے میں جنگ میں ثابت قدمی دکھلائی اور ڈانگر بھی اسی

راستے سے حیدر چک کے ہمراہ غازی شاہ سے جنگ کرنے کے لئے روانہ ہو گئے تھے اور غازی شاہ اور دولت چک نے دلنہ کی آبی گزرگاہوں کو عبور کر کے دس بارہ مرتبہ فوج کو نکالا تھا اگر بادشاہ حکم دے مجھے وہ گزرگاہ یاد ہے تو میں خبر لوں۔ بعض دوستوں نے خوش طبعی سے کہا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ اس گزرگاہ کو پانی بہا کر لے گیا۔ بادشاہ نے حکم دیا تھا کہ تحقیق کر لی جائے جب وہ وہاں گئے تو دیکھا کہ وہ گزرگاہ اپنی سابقہ حالت میں برقرار ہے اور وہاں پر پانی کم ہے۔

چنانچہ یوسف شاہ کو صحیح صورتِ حال سے آگاہ کر دیا گیا ملک حسن کی رائے یوسف شاہ وغیرہ کو پسند آ گئی چنانچہ وہ فتح و نصرت اور ایک دوسرے کی سلامتی کی دُعا کر کے دریا کو پار کرنے پر تیار ہو گئے اور اسی اثناء میں بابا خلیل جو کہ یوسف شاہ اور لوہر شاہ کا پیر تھا لوہر شاہ کی طرف سے یہ پیغام لے آیا کہ مجھے اس شام پر افسوس ہے جب تم پانچ سو چھ سو سواروں کے ہمراہ بیس ہزار سوار اور پیادہ فوج سے جنگ کرنے کے لئے کھڑا ہو گئے یہ سب فضول مارے جائیں گے یہ اچھی بات نہیں ہے۔ مناسب یہ ہے کہ بارہ مولہ کے راستے سے باہر نکل جاؤ اور دچھنہ پرگنہ اور کھوورہ کو تمہارے لئے جاگیر کے طور پر مقرر کر دیا جاتا ہے۔ اور ہسپنگ اور شہبنگ کے درمیان بسنے کی جگہ اور مکان بنا لو۔ یوسف شاہ نے بابا خلیل شاہ کی زبانی یہ برا پیغام سُن کر کوئی جواب دیئے بغیر ہی اس کو وہیں چھوڑ کر دلنہ کی آبی گُزرگاہ کا رُخ کیا اور رات کے آخری پہر میں جب وہ آبی گزرگاہ پر پہنچا تو سب سے پہلے جس شخص نے اپنے گھوڑے کو پانی میں ڈالا وہ ملک حسن تھا اور لوہر شاہ کی طرف سے ابدال بٹ کا بھائی علی بٹ دو تین ہزار سوار پیادہ فوج

کے ساتھ ہراول دستے کا سربراہ تھا وہ آبی گزرگاہ کو چھوڑ کر بھاگ گیا اور لوہر شاہ کے تیار ہونے تک یوسف شاہ کے تمام لوگ دریا کو پار کر گئے اور اُنہوں نے اس گودام کو آگ لگا دی جو کہ وہاں دریا کے کنارے پر تھا۔ آگ کے شعلے اس قدر اونچے ہوئے کہ لوہر شاہ کا لشکر اچھی طرح جان گیا کہ یوسف شاہ اپنی فوج سمیت دریا سے پار ہو گیا ہے۔ صبح تک فوجیوں کا سارا ساز وسامان کنارے پر پہنچ گیا اور اُنہوں نے بھیگے ہوئے سامان کو سوکھایا اور جب عزت وخوش نصیبی کا سورج مشرق کی جانب سے طلوع ہوا تو اس کے پرتو سے یوسف شاہ کی خوش نصیبی کا چہرہ روشن ہو گیا اور لوہر شاہ کی فوج کے سپہ سالار ابدال بٹ نے یوسف شاہ پر حملہ کر دیا مگر اکثر سپاہی اس کی للکار کو دیکھ کر اس کے مقابل نہ آسکے۔ جب شیر صفت ملک حسین نے میدان جنگ کی صورت حال دیکھی کہ ابدال بٹ ان کی فوج پر غالب ہوتا جا رہا ہے تو اس نے سواری پر چڑھ کر نعرہ لگایا اور ابدال بٹ پر حملہ کر دیا چنانچہ دونوں بپھرے ہوئے شیر اور نیستان کے شیر ببر کی طرح ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہوئے اور دونوں کو ایک دوسرے کے ہاتھوں کاری زخم لگے۔ آخر کار خورشید صفت یوسف شاہ کی زبردست جرأت کی تپش کی وجہ سے ابدال بٹ کی زندگی آدھے ہی لمحے میں برف کی طرح پگھل کر ختم ہو گئی اور لوھر شاہ اپنے لشکر سمیت ستاروں کی مانند نایاب ونا پید ہو گیا۔ لوہر شاہ موقع کو غنیمت جان کر روبہزیمت ہوا اور ۹۸۹ھ میں لوہر شاہ نے کیوسہ کے مقام پر شکست کھائی اور یوسف شاہ نے دوسری مرتبہ بادشاہت وحشمت کا جھنڈا عزت کی بلندی پر لہرایا اور کشمیر کے شاہی تخت پر براجمان ہوا اور فتح وکامرانی کے ساتھ شہر سرینگر کی طرف روانہ ہوا۔ جب وہ ہارٹھٹھہ

کے مقام پر پہنچا تو اس نے وہاں کے باشندوں سے پوچھا کہ حکومت سے محروم بدنصیب لوہر شاہ کس طرف چلا گیا ہے؟ اُنہوں نے عرض کیا کہ وہ کوری مرگ کے راستے سے کوہستانِ ہند کی طرف بھاگ گیا ہے۔ مگر اس گروہ کی تصدیق نہ کرتے ہوئے وہ تردّد اور شک میں پڑا ہوا تھا کہ کہیں وہ محروم قسمت پیش قدمی کر کے شہر پر قبضہ نہ کرلے۔ لہٰذا یوسف شاہ نے پوری تیزی کے ساتھ شہر کا رُخ کیا اور جب وہ برتھنہ کے مقام پر پہنچا تو شہر کے چھوٹے بڑے اور جوان اور بوڑھے فوج در فوج اس کے استقبال کے لئے آنے لگ گئے۔ اس سے تین چار ماہ پہلے ملاّ محمد امین مستغنی کشمیری نے لسان الغیب حضرت حافظ شیرازی کا دیوان فال نکالنے کے لئے کھولا تھا تو یہ شعر نکلا تھا۔

یوسفِ گم گشتہ باز آید بکنعان غم مخور کلبہٗ احزان شود روزے گلستان غم مخور

ترجمہ: گم شدہ یوسف کنعان میں واپس آجائے گا غم مت کر۔ غموں کا گھروندا ایک دن گلستان بن جائے گا غم مت کر۔

ملاّ امین نے یہ رباعی بھی کہی تھی:

اے سینہ ز وسواس توام بارستان رگہائے وجودم زتو زنّارستان
عیسیٰ کدہ در چشمِ تو بیمارستان عشق تو بکائنات درکارستان

ترجمہ: اے وہ کہ جس کے خیال سے میرا سینہ (دل کے رونے سے) بارش گاہ بنا ہوا ہے۔ میرے وجود کی رگیں تیری وجہ سے زنّار گاہ بنی ہوئی ہیں۔ عیسیٰ کدہ (شفاخانہ) تیری نگاہ میں بیمار خانہ بنا ہوا ہے اور تیرا عشق کائنات کی کارگاہ میں ہے۔

جب اللہ کی مخلوق کی اس بارے میں حقیقی خواہش یوسف شاہ کی بارگاہ میں پہنچائی گئی تو اس نے ہر کسی کو انعام واکرام اور شاہی التفات اور خسروانہ عنایات سے سرفراز کیا اور شہر میں آ کر تختِ شاہی پر براجمان ہوگیا مسجدوں میں اس کے نام کا خطبہ پڑھا گیا اور اس کے نام کا سکہ جاری کردیا گیا۔ دوسرے روز ان بغاوت کرنے والے لوگوں کو ہاتھ پاؤں باندھ کر لایا جارہا تھا اور وہ ان کی جان بخشی کررہا تھا۔ وہ لوہر شاہ کی خبر سُننے کے لئے کان لگائے ہوئے تھا کہ محمد بٹ نے آ کر اس کی خدمت میں عرض کیا کہ نمک حرام سیاہ دل (لوہر شاہ) قاضی موسیٰ کی بہت عزت کرتا تھا اور کسی نامحرم کو ان کے گھر نہیں بھیج سکتا تھا۔ لہٰذا اس نے خواجہ ملک خواجہ سرائے کو بھیجا کہ وہ قاضی موسیٰ کے فرزندوں کے ساتھ گھل مل کر (لوہر شاہ کے بارے میں) پتہ لگائے۔ وہ قاضی موسیٰ کے گھر گیا اور اس نے وہاں ہر جگہ اور ہر کمرے میں دیکھا مگر اس نے لوہر شاہ کے نشانات نہیں پائے۔ وہاں سے کھود کرید کرنے کے بعد قاضی موسیٰ کے لوگوں کا پیچھا کیا گیا۔ آخر کار ایک تنگ و تاریک گھر سے کہ جس کی خبر صرف قاضی موسیٰ کی والدہ کو تھی اس کو پکڑ کر یوسف شاہ کے سامنے پیش کردیا گیا۔ یوسف شاہ نے حکم دیا کہ اس کی آنکھوں میں گرم سلائی پھیر دی جائے۔ اسی اثناء میں اُس کو اطلاع دی گئی کہ حسن چک کو پرگنہ بانگل کے ماموسہ نامی مقام سے پکڑا گیا ہے۔ لوہر شاہ کے بھائی محمد خان کو بارہ مولہ سے گرفتار کرکے لایا گیا یوسف شاہ نے حکم دیا کہ ان دونوں کو اندھا کردیا جائے۔ اس وحشت ناک خبر کی وجہ سے حیدر چک اور شمس چک کپوارہ دونوں نے دراوہ کے کوہستان

کا رُخ کیا اور جب وہ کرناہ پرگنہ میں پہنچے تو حیدر چک نے شمس چک سے کہا میں سمجھتا ہوں کہ ہم لوگوں کا دراوہ کی طرف جانا بہتر نہ ہوگا۔ چونکہ لوہر ملک قورچی بھی کپواڑہ کے چکوں میں سے ہے لہٰذا وہ یوسف شاہ کی تربیت کر کے اس کو ہم سے جنگ کرنے کے لئے بھیج دے گا اور دراوہ کے لوگوں کے پاس اس قدر طاقت وقوت نہیں ہے کہ وہ ہماری مدد کرسکیں۔ وہاں سے نکلنے کا کوئی ایسا راستہ بھی نہیں ہے کہ جہاں سے نکل کر ہم کوئی کام کرسکیں۔ اگر ہم کوہستانِ ہند پہنچ جائیں تو ہم اس تباہی سے چھٹکارا پا سکتے ہیں اور موسمِ سرما پونچھ میں گزار کر نوشہرہ کے راستے سے ہوتے ہوئے موسم بہار کے آغاز میں دشمن سے مقابلہ کریں جب کہ سورج کی گرمی پہاڑوں اور بیابانوں سے برف کو پگھلا دیتی ہے اور باغوں میں گلِ لالہ، چنبیلی اور طرح طرح کے پھول کھلا دیتی ہے اور باغوں کو آراستہ و پیراستہ کر دیتی ہے۔ چونکہ قضاء شمس چک کا کام تمام کرنے والی تھی لہٰذا اس نے حیدر چک کی بات سُنی اَن سُنی کر دی اور اس نے وہیں ٹھہرنا طے کرلیا اور حیدر چک وہاں سے بھاگ کر کوہستانِ ہند کی طرف روانہ ہوگیا۔ آخر کار شمس چک کو حیدر چک کی بات اس وقت یاد آئی جب کہ یوسف شاہ نے لوہر ملک قورچی پر نوازش کر کے اس کو شاہی عنایات و الطاف سے سرفراز کر کے شمس چک سے مقابلہ کرنے کے لئے مقرّر کیا اور لوہر ملک نے لولاب پہنچ کر اُس طرف کے تمام باشندوں کو اپنے ساتھ ملا لیا اور شمس چک نے پکھلی اور شہبنگ کے درمیان واقع فیروز قلعہ میں داخل ہوکر یہ چاہا کہ اس قلعہ اور اس کے آس پاس بسنے والے لوگوں کو ختم کر دے اور خود کو مضبوط و مستحکم

کر کے دشمن سے جنگ کریں۔ اگر وہ اس قلعہ کے باشندوں کے ساتھ انسانی سلوک کرتا تو وہ اس کا ساتھ دیتے۔ قلعہ کے ذمہ دار کو جب اس کے منصوبے کا علم ہوا تو اس نے لوہر ملک قورچی کو خط لکھا کہ میں نے شمس چک کو اپنی قید میں رکھ لیا ہے۔ اگر آپ پوری تیزی سے کام لیں گے تو وہ ہاتھ آ جائے گا اگر چہ وہاں تک پانچ چھ دن کا راستہ تھا مگر لوہر ملک ایک رات دن میں ہی اس قلعے میں پہنچ گیا اور شمس چک کے ہاتھ پاؤں باندھ کر اس کو یوسف شاہ کے پاس لے آیا۔ یوسف شاہ نے اُس کی بھی آنکھیں نکالنے کا حکم دیا اور حیدر چک تین چار سال تک کبھی تبت میں اور کبھی اس کے اطراف میں اور کبھی کشتواڑ میں ٹھہرتا رہا۔ اس مدت کے دوران اس نے کئی مرتبہ جنگ کی لیکن فتح و کامیابی نے اس کا ساتھ نہ دیا اور آخر کار اس نے ہندوستان کا رُخ کیا اور راجہ مان سنگھ سے پناہ لی جب کہ وہ لاہور کا حکمران تھا۔ راجہ مان سنگھ نے انسانیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے کافی نقد و جنس عطا کر کے اور خوب اکرام کر کے پرگنہ بھمبر اور نوشہرہ اس کو جاگیر کے طور پر دے دیا اور اس مدت کے دوران یوسف شاہ نے اس طرح رعایا پروری، حسنِ سلوک، عدل و انصاف سے کام لیا کہ بھیڑیا بھیڑ سے ڈرتا تھا اور باز چڑیا سے خوف کھاتا تھا۔ اور اس نے گزشتہ بادشاہوں کے رائج کئے ہوئے بعض رسوم و بدعات کو اپنے قلمِ احسان کے ساتھ پوری طرح سے منسوخ و ختم کر دیا۔

مثلاً پہلے بادشاہ ہانجیوں یعنی ملاحوں سے اکی کا معاملہ کرتے تھے یعنی ان میں تین آدمیوں میں سے ایک سے بغیر کسی معاوضے اور کھانے کے خدمت لیتے تھے اور

زکوٰۃ میں مال کا دسواں حصہ وصول کرتے تھے اور اسلام کے تابع بن جانے والے نو مسلموں سے بھی جزیہ وصول کرتے تھے اور فوجی ضرورت کے وقت اکثر رعایا سے بغیر کسی اجازت کے بیگار لیا کرتے تھے اور درخت کاٹنے اور گاؤکشی پر اور شہر کے اکثر پیشہ وروں میں سے ہر ایک سے کچھ نہ کچھ لیتے تھے اور اس مال کو واجب الاداء سمجھ کر پوری رعایا پر لازم کر دیا تھا۔ یوسف شاہ نے نیک بختی اور خدا ترسی کا مظاہرہ کرتے ہوئے محض اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے اس تمام کو معاف کر دیا۔لیکن اگر وہ فوجیوں کے حق میں گزشتہ بادشاہوں کی بہ نسبت ہزارویں درجے کی کوشش بھی کرتا اور فوج تیار کرنے، ملک کو بنانے اور ملکوں کے فتح کرنے کو بالکل نہ بھول جاتا،عورتوں،قوالوں اور ڈوموں وغیرہ کے ساتھ جوعلمِ موسیقی میں اس کے کام آتے تھے اپنے روز وشب نہ گزارتا تو ملک اس کے ہاتھ سے نہ نکلتا۔یوسف شاہ نے جب اس قسم کا طریقہ اختیار کر رکھا تھا تو بادشاہ جلال الدین محمد اکبر شاہ غازی کی طرف سے اس کے ایلچی میرزا طاہر اور صالح عاقل یہ فرمانِ شاہی لے کر اس کے پاس پہنچے کہ اگر ہمارے مخلص مرید ہو تو تم اپنے غرور سے باز آجاؤ۔تم اپنی ریاست کی طرف لوٹ گئے مگر اس مدّت کے دوران تم نے بالکل ہی اپنے ملک کے حالات کی حقیقت کے بارے میں دربارِ شاہی میں کوئی عرض داشت نہیں بھیجی۔ اگر تم دشمن سے مطمئن ہو گئے ہو اور تم نے ملک کو فتح کر کے اپنے تابع کر لیا ہے۔تو تمہیں اس فرمان عالیشان کے پہنچتے ہی شاہی چوکھٹ کو چومنے کا شرف حاصل کرنا چاہیے۔ جب اس شاہی خط کے مضمون کی اطلاع وزیروں، خیر

خواہوں اور یوسف شاہ کے قبیلے داروں کو ہوئی تو اُنہوں نے یوسف شاہ تک یہ بات پہنچائی کہ اس مضمون کے انداز سے یہ سمجھ میں آرہا ہے کہ اس ملک کی حقیقت واقعی بادشاہ اکبر نے سن لی ہے اور اس نے ملک کو فتح کرنے کا ارادہ کرلیا ہے۔ لہٰذا اس بارے میں اچھی طرح سے غور وفکر کر کے اور معاملے کی اصل حقیقت کو دیکھ کر گزشتہ بادشاہوں کی طرح فوج تیار کرنی چاہیے اور گردونواح کے راستوں کو بند کرنے کی پوری پوری کوشش کرنی چاہیے اور عیش وعشرت کو اپنے اوپر حرام کرلینا چاہیے۔ اگر یوسف شاہ ان لوگوں کی بات پر توجہ دیتا تو ملک اس کے ہاتھ سے نہ نکلتا اور ملک میں کوئی گڑ بڑ نہ ہوتی مگر یہ بات یوسف شاہ کے نازک دل پر بہت گراں گزری اور اس نے کوئی بھی جواب نہ دیا اور وہ اپنے چھوٹے بیٹے میرزا حیدر کو ایلچیوں کے ہمراہ عجیب وغریب چیزیں دے کر بادشاہ اکبر کے دربار میں بھیجنے کی تیاری کرنے لگ گیا۔ اکثر لوگ اس بات کو یوسف شاہ کی زبوں حالی اُس کی پست نظری اور بیدلی پر محمول کرتے ہوئے جان گئے کہ ملکِ کشمیر اس کے ہاتھ سے نکل جائے گا۔ کیونکہ گزشتہ بادشاہ اس قسم کی عمدہ چیزیں خرید وفروخت کے لئے تاجروں کو باہر نہیں لے جانے دیتے تھے تاکہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ہندوستانی بادشاہوں کے دل میں اس قسم کی عمدہ چیزوں کو دیکھ کر اس سرزمین پر قبضہ کرنے کی رغبت وخواہش پیدا ہو جائے۔ چہ جائیکہ وہ اس قسم کے اعلیٰ تحفے دے کر اپنے فرزند کے ہمراہ نیازمندی کے ساتھ بھیجتے۔ اب ظاہر ہو گیا کہ جو کچھ پرانی تاریخ میں ایک کشمیری کے قلم سے لکھا گیا تھا وہ غلط نہیں تھا کیونکہ وہ اس وقت وقوع پذیر ہو رہا

ہیوہ اس طرح ہے کہ ملک موسیٰ کے دورِ حکومت میں شیخ شمس الدین عراقی کشمیر آئے وہ تمام فضائل ظاہری اور باطنی خوبیوں سے آراستہ وپیراستہ تھے اور ملک موسیٰ نے ان کو ہر اعتبار سے تیار اور آراستہ پا کران کی خدمت میں رجوع کرنے کے لئے ہاتھ بڑھایا اور اس نے پورے جڈی بل محلّہ کو شمس الدین عراقی کے خادموں کے لئے وقف کردیا اور وہ خود یہاں سے منتقل ہوگیا اور آرو۔ٹھ محلّہ میں اقامت پذیر ہوگیا۔

☆☆☆

محمد عبداللہ بٹ

# سلطان العارفین......حیات اور کارنامے

## حضرت شیخ حمزہ مخدوم رحمۃ اللہ علیہ

## نسب نامہ اور خاندانی پسِ منظر

## (قسط:۴)

## حضرت مخدومؒ کی تعلیم وتربیت

### ایامِ طفُولیت: (بچپن)

مخدوم حضرت شیخ بابا محمد علی رینہؒ کہتے ہیں کہ ''قریۂ تجر شریف میں ایک مکتب تھا۔اس مکتب میں ایک مدرّس مولانا محمد شریف نامی تھے۔جو قرآن خوانی میں علمِ قرأت کے سات طریقوں کے ماہر عالم اور اُستاد تھے۔انہیں کے پاس پانچ سال کی عمر میں حضرت مخدومؒ پڑھنے کے لئے ان کے مکتب میں داخل کئے گئے۔چند روز تک آپ صرف ہجا کی تعلیم حاصل کرتے رہے۔انہی دنوں میں ایک دن مدرّسِ موصوف مکتب سے باہر گئے اور اُنہوں نے بچوں کو بھی باہر گھومنے کی اجازت دے دی۔

حضرت مخدومؒ مکتب میں اکیلے رہے آپ باہر گھومنے پھرنے نہیں گئے ۔مکتب کے ایک کونے میں قرآن رکھا ہوا تھا۔آپ نے مدرّسِ موصوف اور بچوں کی غیر حاضری میں اس قرآنِ حکیم کو اپنے سامنے رکھا اور مادر زاد ولایت کی کرامت سے انہی قواعد سے پڑھنا شروع کیا جو مدرّسِ موصوف نے تمام عمر ہزار ہا جتن کر کے یاد کئے تھے، حضرت شیخ خاکیؒ اسی کرامت کا خاکہ اس طرح کھینچتے ہیں:

چوں خدا علمِ لدُنی کرد تعلیمش زمہر
بہرِ اسرارِ الٰہی عالمِ امہر شد است

جب اللہ نے اپنی مہربانی سے انہیں علم لدُنّی کی دولت سے نوازا تو وہ خدائی اسرار کے سب سے زیادہ ماہر عالم بن گئے۔

علم لدُنّی سے مراد وہ علم ہے جو کسی تعلیم کے بغیر اُمّتِ محمدی کے بعض افراد کو عطا کیا جاتا ہے اور اولیاء اللہ کے دلوں کی تختی پر اللہ کی مہربانی سے ثبت ہوجاتا ہے۔اس علم کا درجہ بہت بلند ہے جس کی عظمت بیان سے باہر ہے۔حضرت شیخ حمزہ مخدومؒ کو اسی علمِ لدُنّی سے نوازا گیا تھا۔

بہر حال جب مدرّسِ موصوف واپس آ کر مکتب کے دروازے پر پہنچے تو اُنہوں نے قرآنِ کریم کی با قاعدہ قرأت کو سُنا اور حیران ہوگئے۔جب وہ مکتب کے اندر داخل ہوئے تو حضرتِ مخدومؒ اُن کو دیکھ کر خاموش ہوگئے اور حسبِ سابق حروفِ ہجا، یعنی الف، با، تا، کی رٹ لگانے لگ گئے۔اسی مکتب میں آپ نے قرآنِ کریم کی تعلیم حاصل کی اور اپنے ہم درس ساتھیوں سے ہمیشہ آگے رہتے۔یہاں تک کہ سبق یاد

کرنے میں ضرب المثل بن گئے آپ نے اسی مکتب میں ابتدائی کتابیں کریما، نامِ حق ، پندنامہ، بدائعِ منظوم، گلستان، بوستان اور قدوری وغیرہ پڑھیں۔[1]

حضرتِ میرم بزؒ از سکندر پوریؒ اپنی تصنیف ''تذکرۃ المرشدین'' میں رقمطراز ہیں ''ایک دن مکتب کے مدرّس نے حضرتِ مخدومؒ کے والدِ بزرگوار حضرت شیخ بابا عثمان رینہؒ سے شکایت کی کہ اُن کے فرزندِ ارجمند متواتر دس روز سے مکتب میں نہیں آئے، وہ بیابانوں میں پھرتا رہتا ہے۔ اُستاد سے یہ ماجرا سُن کر اُن کو بہت غصّہ آیا۔ شام کے وقت وہ اسی سلسلے میں آپ کو تنبیہ کرتے لیکن آپ کی والدہ ماجدہ نے آپ کو والدِ بزرگوار کے ناراض ہونے کی اطلاع دے دی اور آپؒ اسی وقت گھر سے بھاگ گئے۔ پورے چار ماہ اطراف واکناف میں دیوانہ وار گھومتے پھرتے رہے۔ آپ کے والدِ بزگوار جگہ جگہ آپ کو تلاش کرتے رہے یہاں تک کہ استخارہ کر کے آپ کو خواب میں بارہمولہ کے قریب حضرت سرورِ کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم کی ایک بابرکت مجلس میں دیکھا۔ بیدار ہو کر اُنہوں نے گھر پر ایک بھیڑ کو ذبح کر کے پکوایا اور اس کو گاؤں کی مسجد میں بطورِ خیرات بھیج دیا۔

دوسرے دِن بارہمولہ جا کر آپؒ کو وہاں اُسی طرح پایا جس طرح خواب میں دیکھا تھا۔ پھر آپ کو اپنے ساتھ گھر لایا۔ حضرت میرم بزؒ از موصوفؒ لکھتے ہیں۔ یہ قصّہ اُنہوں نے خود آپ سے اور آپ کے والدِ بزرگوار سے سنا ہے۔[2]

اسی طرح ایک دن اپنے ہم درس لڑکوں کی تحریک پر مدرسہ نہ گئے اور کھیل کود میں مصروف رہے۔ سبق وغیرہ سب کُچھ بھول گئے۔ اتفاقاً بابا عثمان رینہؒ کا اُدھر سے

گزر ہوا اور اپنے بیٹے سے مدرسے نہ جانے کا سبب پوچھا۔جس کا معقول جواب نہ ملا۔ بابا عثمانؒ نے غصہّ میں آکر نہ صرف زبانی تنبیہ کی بلکہ اس قدر مارا پیٹا کہ ایک عرصہ تک علیل رہے، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ صحت یاب ہونے کے بعد سرینگر چلے گئے۔اور وہاں قرآنِ مجید، فقہ اور دینیات کی تعلیم حاصل کرنے کا عہد کرلیا۔دو چار دن کے بعد زیتی رینہؒ آپ کے دادا جو بابا اسماعیل زاہد کبرویؒ کے مشہور خانوادے کے ارادت مند تھے پیرِ طریقت کی خدمت میں حاضر ہوئے۔خوش نصیب پوتا بھی ساتھ تھا۔ جسے بابا اسماعیل زاہدؒ کے حضور پیش کیا۔ بابا اسماعیلؒ نے بڑی خوش دلی سے حضرت مخدومؒ کو فرزند کی طرح اپنی آغوشِ عاطفت میں لے لیا اور فرمایا:

''ایں فرزندِ سعادت مند مقتدائے روز گار گردد''۔یعنی یہ خوش نصیب فرزند جہان کا پیشوا بن جائے گا''۔

بابا اسماعیل زاہدؒ کے کبروی خاندان میں علم وفضل اور روحانیت کا جو کچھ سرمایہ تھا وہ امیرِ کبیر میر سیّد علی ہمدانیؒ کے چشمۂ فیض سے پہنچا تھا۔کوہِ ماران کے مشرقی وشمالی حدود میں ایک وسیع احاطہ میں سر بفلک خانقاہ تھی۔جس کے سامنے کتب خانہ، لنگر اور ایک مدرسہ قائم تھا۔ جو کہ حضرت بابا صاحبؒ کی زندہ جاوید یادگاریں تھیں۔اس درسگاہ میں جس کو مدرسہ دار الشفاء کہا جاتا تھا۔تصوّف، سلوک، معارف کے علاوہ فقہ، حدیث، تفسیر، ادب ودینیات کی درسی کتب کی باقاعدہ تعلیم دی جاتی تھی۔اس درس گاہ میں بابا فتح اللہ[۳]، اخوند ملاّ درویش[۴] اور حضرت شیخ لطف اللہؒ جیسے مدرّس بڑی توجہّ سے درس دیتے تھے۔حضرت مخدومؒ نے بڑی محنت وشوق اور دلبستگی سے تعلیم حاصل کی

قرآنِ شریف کو مع تجوید وقرأت ایک سال میں ختم کرلیا۔کلام اللہ شریف سے فارغ ہوکر فقہ، حدیث اور تفسیر کے درس کا شوق پیدا ہوا۔اس کے لئے حضرت مخدومؒ نے شیخ لطف اللہؒ کی پوری ارادت مندی سے شاگردی اختیار کی۔اور آپ کے حلقۂ درس سے مستفید ہوتے رہے۔ادب ودینیات میں آپ کو کامل عبور حاصل تھا۔

چونکہ حضرت مخدومؒ نے قرآن پاک کی تعلیم حضرت بابا فتح اللہ (الثانی)ؒ سے حاصل کی اور اُنہی کے حکم سے آپؒ نے خانقاہِ سمشی چک (جوکہ درسگاہ کے متّصل ہی واقع تھی) میں بھی اکتسابِ علوم کے ساتھ ساتھ اوراد واذکار، ریاضات، مجاہدہ ومشاہدہ، تفکر وتصوّف اور سلوک واشغال کی مشق بھی جاری رکھی۔

حضرت شیخ مخدوم رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں بیس سال گزارے۔جیسا کہ حضرت بابا داؤد خاکی رحمۃ اللہ نے بھی لکھا ہے:

معتکف در خانقہ بودہ قریب بیست سال

معسر العشرین بعیشِ قربِ حق اعشر شداست

یعنی حضرت شیخ حمزہ مخدوم رحمۃ اللہ علیہ نے پورے تسلسل کے ساتھ خانقاہ ملک سمشی چک میں بیس سال تک اعتکاف فرمایا ہر چند کہ اعتکاف کا یہ غیر معمولی زمانہ آپؒ نے نہایت تنگدستی میں گزارا مگر قربِ الٰہی کی بدولت آپ معنوی اور قلبی اعتبار سے بہت خوش حال تھے۔

یہ بیس سال کا عرصہ مسلسل مجاہدات وریاضتِ شاقّہ میں گزارا۔حضرت مخدوم پاک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''جب میں خانقاہِ ملک شمس چک میں ایامِ طفولیت گزار رہا تھا تو میری کم عمری کی وجہ سے ایک مردِ صالح کو میرا ہم حجرہ (Room Mate) بنایا گیا یہ بزرگ ہمیشہ نصف شب کو اُٹھ کر سورۂ کہف کی تلاوت کرتے تھے۔ میں بھی خوابِ غفلت چھوڑ کر وضوء کرتا اور قرآن شریف سنتا رہتا''۔

ایک روز میں نے اس بزرگ سے کہا کہ آپ جو سورۂ شریفہ رات کو اُٹھ کر پڑھتے ہیں وہ مجھے مکمّل یاد ہوگئی ہے۔ اُس نے حیرت سے پوچھا یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ میں تو بہت مدّت سے اسے یاد کرنے اور حفظ کرنے کی کوشش کرتا آرہا ہوں لیکن ناکام رہا۔ میں نے فوراً امتحان لینے کو کہا۔ مردِ بزرگ نے قرآنِ پاک ہاتھ میں لے کر سُنا۔ تو وہ جان کر حیران ہوا کہ خداوندِ کریم کی مدد سے مجھے ساری سورت از بر ہوگئی تھی۔ رات کو قرآنِ پاک سُننے سے میرے اندر شب بیداری کی عادت پیدا ہوگئی۔

**غیبی رہنمائی:** حضرت مخدومؒ فرماتے ہیں:

جیسا کہ کہا جاتا ہے اَلصَّبِیُّ صَبِیٌّ وَلَوْکَانَ ابْنَ نَبِیّ یعنی بچہ بچہ ہی ہوتا ہے اگرچہ وہ کسی نبی کا صاحبزادہ ہو۔ چنانچہ ایک روز میں نے اپنے ہم عمر بچوں کے ساتھ مسجد شریف کی چھت اور مینار پر پتھراؤ کیا۔ رات کو کیا دیکھتا ہوں کہ کوئی بزرگ مجھے سخت ملامت کرتے ہیں اور میٹھی اور فصیح زبان میں فرماتے ہیں کہ تعجّب ہے کہ نمازی ہونے اور عبادت گزار ہونے کے باوجود تم نے خانۂ خدا کی توہین کی۔ کیا تمھیں معلوم نہیں کہ ہم کعبہ شریف کی اسی لئے تعظیم کرتے ہیں کہ وہ خانۂ خدا ہے یہی حال سب مساجد کا ہے۔ مگر تم ہو کہ مسجد کو نقصان پہنچاتے ہو۔ فوراً توبہ کرو۔ کیا تمھیں

معلوم نہیں کہ مسجد شریف کی ہر اینٹ جان رکھتی ہے اور نمازیوں کو دُعا دیتی ہے اور اذیّت پہنچانے والوں کے خلاف دربارِ خداوندی میں فریاد کرتی رہتی ہے۔

ایک مرتبہ ایک اور عجیب واقعہ پیش آیا اور وہ یوں ہے کہ:

ایک صاحبِ خیر نے درویشوں کو دعوت پر بُلایا۔ مجھے بھی دعوت میں شامل کیا گیا۔ اگرچہ میں ابھی بچہ ہی تھا۔ پرتکلّف دعوت کھانے کے بعد مجھے نکلتے وقت چار پیسے دیئے گئے۔ میں پیسے لے کر بہت ہی خوش ہوا۔ اور کاغذ دوات خریدنے کا منصوبہ بنایا۔ پیسوں کو زور سے ہاتھ میں تھام کر قیام گاہ کی طرف چل پڑا۔ خانقاہ کے قریب پہنچتے ہی پاؤں پھسل گیا اور کھڈ میں جا گرا۔ کپڑے کیچڑ میں لت پت اور پیسے ہاتھ سے غائب۔ پھر اُٹھ کھڑا ہوا۔ اپنے کمرے میں جا کر سو گیا خواب میں کیا دیکھتا ہوں کہ کوئی بزرگ ڈانٹ ڈپٹ اور نصیحت فرما رہے ہیں۔

دیکھو حمزہؔ! آج تم نے رضائے حق کے خلاف کام کیا۔ اسی لئے تو تمہیں ادب سکھانے کے لئے کھڈ میں گرا دیا گیا۔ یاد رکھو اگر تم اسی طرح بھکاریوں کی طرح گھر گھر کی راہ لوگے تو تمہیں نہ دین حاصل ہوگا نہ دُنیا۔ اس کے برعکس اگر تم خانقاہ میں جم کر بیٹھو گے اور کسی کے بھی گھر نہ جاؤ گے تو تمہیں دین و دنیا کی دولت وعزّت حاصل ہوگی۔ اور لوگ تم سے فیضیاب ہوں گے۔ دیکھو اگر تم جمعہ کو دعوت پر نہ گئے ہوتے تو خانقاہ میں ہی تمہیں پیسے بھی زیادہ ملتے اور دعوت بھی کھاتے۔!

بعد میں مجھے معلوم ہوا کہ جو کچھ بزرگ نے فرمایا وہ بالکل درست تھا۔ کیونکہ ہمارے دعوت پر جانے کے بعد کوئی صاحبِ خیر خانقاہ میں آیا تھا اور ہر طالب علم کو آٹھ

آٹھ پیسے زبردستی دے گیا تھا۔اس واقعہ کے بعد میں نے اس قسم کے کام سے توبہ کی۔

اسی طرح ابتدائی ایام میں اگر کسی رات کو نمازِ تہجد پر بیدار نہ ہوتا تو کوئی آکر دروازہ کھٹکھٹاتا یا دروازے کی کنڈی ہلاتا۔اور زور زور سے پکارتا اور کہتا!

''اے بابا حمزہ'' اُٹھو دیر ہوگئی اُٹھو اور وضو کر کے نماز پڑھو'' [۵]

حضرت خضر علیہ السّلام سے ملاقات: حضرت بابا داوٗد خاکیؒ یہ بھی فرماتے ہیں کہ حضرت شیخ مخدوم حمزہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ:

''مرا در اوایلِ طلب اشتیاقِ بسیار بودی بصحبتِ صلحاء و بنصیحتِ ایشان و بحوالہ گرفتنِ ادعیہ و اذکار از ایشان و بمقتضائی'' مَن طَلَبَ شَيْئًا وجَدَّ وجَدَ'' اکثر اوقات آن دولت بوجود آمدی و این سعادت بحصول موصول شدی گاہی در مناجات و گاہی در واقعات و گاہ در ظاہر نیز چنانکہ یکبار در تابستانی بمسجدِ جامعِ شہر بنمازِ جمعہ رفتہ بودم بعد از فراغِ نماز مردی نورانی سفید ریش پیرا ہنی سبز پوشیدہ بمن مصافحہ کرد و دستہایِ مبارکِ او بواسطۂ خنکے در گرمی ہوا فرح بخش می بود۔ چنانکہ دست از دست نگذاشت و مرا بدست گرفتہ بظاہر و باطن بر بود و روان شد و از پُلِ زینہ کدل گزرانیدہ درمیانِ زال ڈگر رسانید و درمیانِ آن نزدیک شد و روبقبلۂ ایستاد و دست برداشتہ مناجات کرد و ساعتی بہمین صفت دعوات خواند و باز از انجا بدست گرفتہ از پلِ لوخریار گذرانیدہ در محلۂ خندہ بون رسانیدہ در انجا در گوشہ زیرِ درختِ بیدے بر کنارِ آب ہم نشستیم و در اثنایِ راہ و انجا ہم نصائح بسیار تقریر فرمودہ کہ حالا زبانِ من از ادایِ آن عاجز است و

مرا بواسطۂ وقار و عظمت و ہیبت مجالِ پرسیدنِ اسم مبارکِ او نبود ولی بزرگیٔ او معلوم کردہ با خلاصِ تمام التماس نمودم کہ چیزی از نصائح وادعیہ واذکار من فقیر را عنایت فرمائید تا بطفیلِ شما در آن مداومت نمایم و ببرکتِ شما بزودی نتیجۂ آن بینم ایشان ببشاشتِ تمام در من نظر کردہ فرمودند کہ ہر چہ از اوراد و وظائف میخوانے و میخواہی خواندن خواندہ باش کہ ما ترا رخصتِ عام دادیم وانِ شاء اللہ دائماً مددگار خواہم بود و نیز در آن وقت خوارقِ عادات ایشان بسیار مشاہدہ شد یکی ازان آن بود کہ از انجا تا خانہ ملک لدو بٹ باوجودِ بعدِ مسافت وحُجبِ کثیرہ محسوسہ آن خانہ از تاثیرِ صحبتِ او مرا ہم نزدیک نمودہ شد و وی فرمود کہ صاحبِ خانۂ این خانہ بواسطۂ آنکہ در درگاہِ حق تعالیٰ چنیں و چنان بی ادبی ہا کردہ است و تا غایت توبہ نکرد حق تعالیٰ بینائیِ چشم از و برگرفت بعد از چندگاہ ظاہر شد و وی در آنوقت بینا بود بعد از مدتی آن موعود مشہود شد بعد ازان نمازِ عصر بہم گزاردیم و وے امامت کرد بعد از نماز غائب شد و من متحیّر شدم و از انجا راہِ خانقاہِ کہ منزلگاہ بود نمی دانستم و بواسطۂ حیرت آن چشمانِ من پُر اشک شدہ پرسان بخانقاہِ رسیدم و در دلِ من ہمان خار خار بود کہ الٰہی آن کہ بود شب در واقعہ دیدم کہ کسی میگفت کہ آن حضرت پیغمبرؑ بود بعد ازان مکرّراً الی یومنا ہٰذا اکثر اوقات در واقعات دیدہ میشود و نیز مخفی نماند کہ این اذکار و اوراد کہ مرا از مشائخِ سلسلہ و اولیائے دیگر حوالہ شدہ چون بحوالیتِ خضر علیہ السّلام نیز مؤکّد شدہ برکت دران دو چندان بلکہ بیشتر ازان است"[٦]

خلاصہ ترجمہ: حضرت مخدوم شیخ حمزہ قدّس سرّہ العزیز فرماتے ہیں کہ ”مجھے لڑکپن سے صلحائے کرام اور پاک بازانِ دین کی صحبت اور نصائح سننے کا نہایت ہی شوق تھا جیسا کہ کہا جاتا ہے۔

مَنْ طَلَبَ شَیئًاوَ جدَّ و جَدَ: جس نے کوئی چیز چاہی اور پھر اس کے لئے کوشش کی تو پائی۔ اکثر اوقات خداوندِ کریم مجھے اس دولت سے سرفراز فرماتا۔

ایک روز گرمیوں میں میں نے جامع مسجد سرینگر میں نماز جمعہ ادا کی تو ایک سفید داڑھی والے بزرگ نے میرا ہاتھ پکڑ لیا۔ ان کے دستِ حق پرست کی خنکی (ٹھنڈک) سے میرے قلب وجگر میں ٹھنڈک محسوس ہوئی۔ گرمیوں میں یہ سرد ہاتھ بہت ہی فرحت بخش تھا۔

بزرگ میرا ہاتھ پکڑ کر روانہ ہوا۔ دونوں زینہ کدل پار کر کے زال ڈگر پہنچے یہاں ایک مقام پر قبلہ رُو ہو کر یہ اجنبی شخص دیر تک دعائیں کرتا رہا۔ پھر میرا ہاتھ پکڑ کر لوکھرؔی یار سے گزر کر محلّہ خندہ بھون (نوا کدل) میں پہنچا۔ یہاں دریا کے کنارے بید کے درخت کے نیچے ہم دونوں بیٹھ گئے۔

راہ چلتے چلتے اور اس مقام پر اس مردِ حق آگاہ نے مجھے شیرین اور دل آویز نصیحتیں کیں۔ بزرگ کی پُر وقار صورت نے مجھے ایسا مرعوب کیا کہ تعارف کرنا بھی بھول گیا۔ ہاں نہایت ہی انکساری واخلاص سے عرض کیا ”مجھے مزید نصائح اور دعاء و اذکار کی تلقین فرمایئے تا کہ سکونِ قلب حاصل ہو سکے۔ یہ سُن کر آپ نے پوری بشاشت سے مجھ پر شفقت بھری نظر ڈالی اور فرمایا:

''جو وظائف پڑھتے ہو پڑھتے رہو۔ تمہیں اس کی اجازت دی جاتی ہے۔ ان شاء اللہ میں بھی مدد کرتا رہوں گا''۔

جہاں ہم دونوں بیٹھے ہوئے تھے، وہاں سے ایک مشہور آدمی ملک لدو بٹ کے مکان تک بہت لمبا فاصلہ تھا اور بیچ میں بہت سارے مکانات حائل تھے۔ لیکن میں یہ دیکھ کر حیران ہوا کہ بزرگ کی کرامت سے لدو بٹ کا مکان مجھے اپنے سامنے نظر آیا۔ پھر آپ فرمانے لگے کہ اس مکان کا مالک عصیان و نافرمانی سے باز نہیں آتا۔ اس لئے بارگاہِ الٰہی میں فیصلہ ہوا ہے کہ فلاں مدّت تک اس کی بینائی چھین لی جائے گی۔

چنانچہ چند ایّام کے بعد پیشن گوئی پوری ہوئی۔

بہر حال ہم دونوں نے اکٹھے نمازِ عصر ادا کی۔ بزرگ نے امامت کی اور میں نے ان کی اقتداء کی اور نماز ختم کر کے وہ غائب ہو گئے۔

میں نہایت ہی پریشان ہوا کیوں کہ میں اپنی قیام گاہ سے بہت ہی دور تھا۔ میری آنکھوں سے آنسو ٹپ ٹپ گرنے لگے۔ لیکن خداوند کریم نے رہنمائی فرمائی کہ میں منزل تک پہنچ گیا۔

رات کو خواب میں کسی نے بتایا کہ وہ خضر علیہ السّلام تھے جن کے ساتھ تم نے آج دن گزارا۔ تب سے اب تک بار بار حضرت خضر علیہ السّلام کی زیارت کرتا رہا ہوں ۔اور مشائخِ کرام سے جن اوراد و وظائف کی تعلیم حاصل کی ہے۔ خضر علیہ السّلام سے بھی ان کی اجازت حاصل کی اور ایسی ریاضت کے نتائج بھی دو چند رونما ہوئے۔

حضرت خواجہ اسحاق قاریؒ نے لکھا ہے کہ حضرت مخدوم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا

کہ میں نے ایک دن خضر سے پوچھا کہ آپ اور میں اکثر کوہِ ماران پر ہوتے تھے۔ انکے چہرے کا رنگ متغیرّ ہوا اور فرمایا کہ اے بیٹے! میں بے شمار صورتوں میں ہوتا ہوں ۔ ہر شہر اور ہر ملک میں ہزار ہا صورتوں میں دیکھا جا سکتا ہوں۔ میں نے ان سے کہا کہ کیا آپ بے شمار صورتوں میں اس لئے جلوہ گر ہوتے ہیں کہ لوگ آپ کو دیکھ نہ سکیں حالانکہ آپ کا دیدار باعثِ فیض و برکت ہے۔ اُنہوں نے جواب دیا کہ اے بیٹے جو مجھ سے واقفیت رکھتا ہے وہ مجھے جان لیتا ہے اور جس کو مجھ سے شناسائی نہیں ہے وہ نہیں پہچان سکتا ہے۔ میں ہزاروں اشکال میں نمودار ہوسکتا ہوں'' (چلچلۃ العارفین)

حضرت بابا داوٗد خاکیؒ لکھتے ہیں: ''روزے در پیشِ ملاّ لطف اللہ کہ مدرّسِ خانقاہ مردی دانشمند بود و متواضع و پرہیز گار بود رفتم و آغازِ فقہِ سنائی کردم و یک بیتِ اوّل بَسوَاد خواندم شب کتاب وا کردم کہ سبق را تکرار کنم فراموش شدہ بود و ہمہ شب بگریہ خونخوار بودم واز پہلو پہلو می طپیدم کہ فردا پیشِ استاد روم چگویم چگونہ آنجا روم چنا کہ ناظمی گفتہ بیت۔

اشکِ من از غمِ عشقِ تو بخون می غلطد
ہمچو طفلیکہ بود درغمِ مکتب ہمہ شب
ناگاہ آوازی شنیدم کہ چرا میگریی
چہ فراموش شد بخوان

**بیت**

نامِ حق برزبان ہمی رانم کہ بجان ودلش ہمی خوانم

پس فی الحال بآن آواز متابعت گرفتہ یادگرفتم وصباح بخوشی رفتہ سبقِ دیگر خواندہ ام تارفتہ رفتہ پیشِ استاد بہمین دستور کتابی چند مثل منطق الطّیر ذخیرۃ الملوک و فارسی نامہ امیر حسین و چندرسالہ از فقہ چون سبق راتکرار کردم برسمِ سابق گاہی آوازی می شنیدم کہ کسی اعتراضی درسبق من پیدا کردوفہمِ من تیز میشد وسخنہایِ باریک پیدامی کردم واز استادمی پرسیدم اوبعضی راجواب گفت وبعضے رابواسطۂ مشکلیت جواب نمی توانستے گفتن ودراوایل اوراگمان می شد کہ این کس از ینجا رفتہ باملّایِ دیگر تکرار کردہ می آید این سخنہایِ ایشان است وبعد ازان تحقیق کرد کہ اینچنیں نیست بعد ازاں بمن اعتقادی پیدا کردو تعظیم وتکریم بسیار میکرد'' ؎

خلاصہ ترجمہ: حضرت مخدومؒ نے فرمایا:

''ایک روز میں نے ملاّ لطف اللہ صاحبؒ جو امامِ خانقاہ بھی تھے اور نہایت ہی دانا اور اللہ پاک سے ڈرنے والے نرم خو بزرگ تھے کے پاس فقہِ سنائی کا آغاز کیا۔ صرف ابتدائی شعر پڑھ کر قیام گاہ پر واپس آیا۔ رات سبق دہرانے کے لئے اُٹھا تو کتاب کھول کر پڑھنے لگا۔ مگر مطلق یاد نہ تھا۔ اس پر میں زار زار رونے لگا۔ ساری رات گریہ طاری رہا۔ اچانک آواز آئی:

ارے کیوں روتے ہو؟ کیا سبق بھول گئے ہو؟ پڑھو! ؎

نامِ حق برزبان ہمی رانم  کہ بجان ودلش ہمی خوانم

میں نے فوراً اس آواز کی پیروی کی اور سبق یاد کرلیا۔ صبح خوشی خوشی استاد کو سبق سنایا۔ اس واقعہ کے بعد رفتہ رفتہ میری علمی صلاحیت بڑھتی گئی اور میں نے چند کتابیں

مثلاً منطق الطّیر، ذخیرۃ الملوک، فارسی نامہ، امیر حسین اور فقہ کے کچھ رسالے پڑھ لئے۔ دہراتے وقت اگر کہیں کوئی مشکل پیش آتی تو غیبی رہنمائی دست گیری فرماتی!

رات دِن گزرتے گئے اور خداوند کریم کی مدد سے میری ذکاوت و ذہانت میں اضافہ ہوتا گیا۔ نکتہ رسی کا ملکہ اُبھر آیا۔ میں اپنے اُستادِ مکرّم سے سوالات پر سوالات کرنے لگا۔ کبھی کبھار ایسا بھی ہوتا کہ وہ میرے سوالات کے جوابات دینے سے عاجز رہ جاتے۔

اوّل اوّل استاد کو یہی گمان ہوا کہ شاید میں کسی دوسرے معلّم کے پاس جا کر اس کے کہنے کے مطابق سوالات بنا کر آتا ہوں۔ بعد میں جب انہیں معلوم ہوا کہ یہ سب میری ذکاوت و ذہانت کا نتیجہ ہے تو وہ میری بہت عزّت کرنے لگے اور میرے متعلق ان کے دل میں بڑی عقیدت پیدا ہوگئی۔

کبھی کبھی مجھے خواب میں جنابِ سرورِ کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم اور آپ صلّی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرامؓ کی زیارت سے مشرّف کیا جاتا اور حضورؐ مجھے نصائح سے سرفراز فرماتے۔ بالخصوص مسلک و مذاہب کے بارے میں، کیونکہ اس دور میں اختلافِ مسالک نے سخت زور پکڑا تھا۔

حضرت بابا داؤد خاکی رحمۃ اللہ علیہ نے وردالمریدین کے درج ذیل شعر میں اشارہ کرتے ہوئے لکھا ہے۔

مصطفیٰ را ہم مع الاصحاب دیدہ بارہا
زان سبب در مذہبِ سنّیہ راسخ تر شداست

ترجمہ: بسا اوقات آنجناب نے آں حضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم اور آپ کے صحابہ کرامؓ کی زیارت سے باریابی حاصل کی۔ اسی بناء پر آپ نے باقی تمام مسلکوں پر اہلسنّت و الجماعۃ کے مسلک کو ترجیح دی اور اس میں بہت زیادہ راسخ اور مضبوط ثابت ہوئے۔

☆☆☆

# مرشد کی ضرورت

چونکہ راہِ سلوک میں سالک کے لئے شیخ کامل کا ہونا نہایت ضروری ہے۔ تا کہ اس کے راستہ کا رفیق بنے اور اس کو اونچ نیچ سمجھا تا رہے۔

چنانچہ حق تعالیٰ شانہٗ نے فرمایا ہے:

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اتَّقُوا اللّٰه و اُبتغُوْا اِلَيْهِ الْوَ سِيْلَةَ۔

''اے ایمان والو! تقویٰ اختیار کرو اور اللہ تعالیٰ کی طرف وسیلہ ڈھونڈو۔ اور جنابِ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم فرماتے ہیں:

اِنَّ اَصْحِابِیْ کَالنُّجُوْمِ فَبِاَ یِّهِمُ اقْتَدَ یْتُمْ اِهْتَدَیْتُمْ

''میرے صحابی ستاروں کے مثل ہیں تم ان میں سے جس کی بھی پیروی کرو گے راستہ پالو گے۔

اس سے معلوم ہوا کہ راہ یابی کے لئے کسی اہلِ حق کو مُقتدا جاننا ضروری ہے تا کہ اس کی پیروی سے منزلِ مقصود تک رسائی حاصل ہو۔ امام غزالیؒ نے احیاء العلوم میں جنابِ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم سے روایت کی ہے کہ آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا:

اِنَّ الشَّیْخَ فِیْ جَمَاعَتِهٖ کَالنَّبِیِّ فِیْ اُمَّتِهٖ ۔

''شیخ اپنی جماعت میں ایسا ہے جیسا نبی اپنی اُمت میں''

اس کا مطلب یہی ہے کہ شیخ کامل نائب بن کر نبوّت کی خدمت انجام دیتا اور اپنی جماعت کو راہِ حق دکھاتا ہے۔ اور گمراہی سے ڈرتا رہتا ہے۔ اور اس طرح پر

انبیاء کی طرح لوگوں کی نجات کا وسیلہ بنتا ہے۔

حضرت خواجہ اسحاق قاریؒ نے چلچلۃ العارفین میں لکھا ہے۔:

''زیرا کہ بعضی شیخانِ مکّار کہ در دِل حُبّ دنیا و در ظاہر آراستہ بجبّہ و دستار و بقول و گفتار اند پس ازانہا احتراز باید کرد زیرا کہ ازان کس راہدایت نبود۔ قَالَ النَّبِيُّ صَلّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلّم ''مَنْ لَا شَیْخَ لَہٗ فَشَیْخُہٗ الشَّیْطَانُ'' مراد پیر ناقص است زیرا کہ چوں پیر ناقص باشد مربِّی او شیطان است شخصے کہ مطلق بے پیر باشد او نیز شیطان است و تابعِ ابلیس است ......''

(چلچلۃ العارفین۔ص:41)

مطلب چونکہ اکثر شیخان مکّار ہیں اور دنیا کی طمع میں پوری طرح گرفتار ہوئے ہیں۔ ظاہری صورت میں جبّہ ودستار سے آراستہ ہیں۔ ان لوگوں سے دور رہنا اور اپنے آپ کو بچانا بہتر ہے کیونکہ ان سے ہدایت کا ملنا مشکل ہے نبی صلّی علیہ وسلّم نے فرمایا کہ مَنْ لّا شَیْخَ لَہٗ فَشَیْخُہٗ الشَّیطانُ۔ جس کا کوئی رہبر و مرشد نہیں ہے تو اس کا رہبر شیطان ہے یہاں اس سے مراد پیرِ ناقص ہے اور جو مطلقاً بے پیر ہوگا وہ بھی شیطانی افعال کا مرتکب ہوگا۔

(اس سے معلوم ہوا کہ بہتیروں نے راہ یابی میں دھوکہ کھایا اور قابلِ اتباع شیخ کی تلاش میں کوتاہی کی بدولت انسان صورت شیطان کے پیچھے لگ گئے جس کی شرمندگی قیامت کے دن اُٹھانی پڑے گی اور اس وقت ندامت سے بجز پریشانی و افسوس کے کچھ نفع نہیں ہوگا)

''شیخ وہ ہے جو امراضِ باطنہ، اخلاقِ رزیلہ وحمیدہ سے پوری طرح واقفیت رکھے اوران میں آپس کے التباس اوران کے خواص وتاثرات کو پہچانے اوران کے حصول وازالہ کی تدبیر پر مہارتِ تامّہ رکھتا ہو۔ وہ اخلاق کے عروج ونزول سے واقف ہوکر نیز خواطرِ نفسانی وشیطانی، ملکوتی وربّانی سے پوری واقفیت رکھتا ہوکہ ان خطرات کے درمیان تمیز کرسکے۔ اس لئے شیخ کا صاحبِ کشف اور صاحبِ ذوق اور مجتہد ہونا ضروری ہے اگر طریق کو محض کتبِ تصوّف دیکھ کر یا لوگوں سے سن کر حاصل کیا ہو اور تربیت کرنے کے لئے بیٹھ گیا ہو تو وہ مرید کے لئے مہلک ہے اس لئے کہ وہ طالبِ سالک کے حالات ،واردات اور تغیرّ حالات کو نہیں سمجھتا جس کو ابن عربیؒ نے شیخ کی علامات میں اجمالاً و اختصاراً بیان فرمایا ہے کہ شیخِ کامل کی پہچان اجمالاً تین چیزیں ہیں۔

(1) دین انبیاء کا سا۔ (2) تدبیر اطبّاء کی سی۔ (3) سیاست بادشاہوں کی سی۔ جن کی تفصیل یہ ہے۔

(1) بقدرِ ضرورت دین کا علم ہونا خواہ تحصیلِ علم سے یا صحبت علماءِ محققّین سے۔

(2) کسی شیخ کامل صحیح السلسلہ سے مجاز ہو۔

(3) خود متّقی پرہیزگار ہو یعنی ارتکابِ کبائر سے اور صغائر پر اصرار سے بچتا ہو۔

(4) کافی مدت تک شیخ کی خدمت میں مستفیض ہوا ہو خواہ بمکاتبت (خط وکتابت سے) خواہ مجالست وہم نشینی سے۔

(5) اہل فہم وعلم اس کو اچھا سمجھتے ہوں اور اس کی طرف رجوع کرتے ہوں۔

(6) اس کی صحبت سے آخرت کی رغبت محبتِ الٰہی میں اضافہ اور محبت دُنیا سے نفرت

محسوس ہوتی ہو۔

(7)اس کے مریدین میں سے اکثر کی حالت شریعت کے مطابق ہو۔

(8)اس میں حرص وطمع نہ ہو۔

(9)خود بھی ذاکر وشاغل ہو۔

(10) مریدین کو آزادنہ چھوڑے بلکہ جب کوئی ان کی نامناسب بات دیکھے یا معتبر ذریعے سے معلوم ہوتو روک ٹوک کرے اور ہر ایک کو اس کے مطابق سیاست کرے۔ ہر ایک کو ایک لکڑی سے نہ ہانکے۔جس میں یہ علامات پائی جائیں وہ شخص اس قابل ہے کہ اس کو شیخ بنایا جائے اور اس کو اکسیرِ اعظم سمجھے اور اس کی زیارت وخدمت کو کبریتِ احمر جانے۔تارکِ کسب ہونے کو ہرگز نہ دیکھے کہ اس کا ہونا شیخ کامل کے لئے ضروری نہیں ہے"۔9

بابا فرید فرماتے ہیں۔

گرا ہوائے ایں سفر داری دلا دامنِ رہبر بگیرو پس بیا

بے رفیقے ہر کہ شددرراہِ عشق عمر بگذشت و نشد آگاہِ عشق

یعنی اے دل اگر اس سفر کی خواہش ہے تو رہبر کا دامن پکڑ کر چلو اس لئے جو بھی عشق کی راہ میں بغیر رفیق کے چلا اس کی عمر گزر گئی اور وہ عشق سے آگاہ نہ ہوا۔

مولانا رومیؒ نے مثنوی میں لکھا ہے۔

پیر باشد نردبانے آسمان

تیر پراں از کہ باشد از کماں

ترجمہ: پیر آسمان تک یعنی خالقِ افلاک تک رسائی کی سیڑھی ہے اور تیر کس سے اُڑتا ہے؟ کمان سے پس طالب و مرید کے لئے مرشد (متبعِ سنّت) سیڑھی بھی ہے اور کمان بھی ہے۔

اور کہا:

قال را بگذار صاحب حال شو پیشِ مردِ کاملے پامال شو

خالی باتوں کو چھوڑ دو صاحبِ حال بن جاؤ اور وہ مقام حاصل کرنے کے لئے کسی مردِ کامل (شیخِ کامل) کی جوتیاں سیدھی کرنی پڑیں گی۔

☆☆☆

## حواشیہ

۱: مخطوطہ تذکرۃ العارفین ص: 424 بحوالہ تذکرۂ اسلاف یعنی سلطان العارفین۔ از پروفیسر عبدالمجید سائر۔ ص: 115-116)

۲: مخطوطہ تذکرۃ المرشدین ص: 21-22۔ بحوالۂ تذکرۂ اسلاف یعنی سلطان العارفین از پروفیسر عبدالمجید سائر۔ ص: 116-117

